فہمیدہ ۔ [57] پھر آخر اس زہر کا تریاق اور اس منتر کا توڑ بھي کچھ ھي یا نہیں

نصوح ۔ کیوں نہیں ۔ [58] دین و اخلاق کي کتابین ۔ مگر کوئي انکو دیکھنے والا بھي ھو نہ یہ کہ ھر روز نئے سانپ سے کٹوائے جاؤ اور تریاق سے بھاگو اور نفرت رکھو تو انجام کیا ھوگا ۔ ھلاکت

---

[57] *Phir âkhir*, &c., 'Eventually, is there any antidote for the poison, any way of breaking the spell, or not?'

Tiryâq is an Arabic transliteration of the θηριακά (φάρμακα) of Galen, 'antidotes against the bites of venomous beasts.'

Mantar or *mantra* (Vedic hymn) is commonly used in Hindî in the sense of 'charm' or 'spell.' Compare the proverb: *Bichchhû kâ mantar na jâne sâmp ke munh men ûnglî dâle,* 'He doesn't even know the charm against a scorpion's bite, and yet puts his finger into a serpent's mouth.'

[58] *Dîn wa akhlâq kî kitâben magar*, &c., 'religious and moral books—provided there is someone to see (that they are really such), so that you may not be daily getting yourself bitten by a fresh snake, and (at the same time) avoid the antidote; for what would be the end of this but destruction?'

دسوان باب

کلیم نے جب دیکھا کہ مان صالحہ کے اتروانے مین مصروف ھي آنکھ بچا بے پوچھے بے کہے گھر سے اس طرح نکل کھڑا ھوا کہ گویا اسکو کچھ تعلق ھي نہ تھا ۔ شاید اسکے ذھن مین بھي یہہ بات اسوقت نہ گذري ھوگي کہ مین عمر بھر کیواسطے گھر سے جا رھا ھون ۔ پہلے جب کبھي کلیم گھر سے ناخوش ھوکر نکلا تو کھانے کپڑے روپئے پیسے کے لین دین پر مان یا بھائي بھنون سے لڑائي جھگڑے کے سبب لیکن اس دفعہ [1] دین کي بحث تھي نہ لین دین کي باپ سے لڑائي تھي نہ بھائي بھنون سے ۔ [2] ذرا سي عقلِ معاملہ فہم بھي کلیم کو ھوتي تو وہ ایسي حالت مین گھر سے نکلنے پر دلیري نکرتا لیکن جیسا کہ نصوح نے تجویز کیا تھا اسپر شاعري کي پھٹکار تھي [3] اور سر پر شامت

---

[1] *Dîn kî bahs thî na 'en-den kî*, 'the dispute was about religion, and not about pocket-money and allowances.' *Len-den* ordinarily means commercial dealings, and is used here for the sake of the play upon the words.

[2] *Zarrâ sî 'aql-i-mu'âmala-fahm bhî Kalîm ko hotî*, 'Had Kalîm possessed a particle of a man-of-the-world's sense.'

[3] *Aur sir par shâmat-i-a'mâl sowâr*, 'the Nemesis of his misdeeds was on his head.' See Ch. II. 34.

اعمال سوار - اور واقع مین جب انسان شبانروز [4]داد و تحسین کي فکر مین منہمک رهیگا تو ضرور هي کہ خودپسندي خودبیني خودستائي کے عیوب اسکي طبیعت مین راسخ هون - شاعري مین کلیم کي [5]لن ترانیان چندان بیجا نہ تهین لیکن دنیا کے معاملات مین ازبسکہ اسکو غور اور خوض کرنے کي عادت نہ تهي اسیوجہ سے اکثر اسکي راے بر سر غلط هوتي تهي - وہ گهر سے نکلکر ایسا بے تکلف اپنے ایك دوست مرزا ظاهردار بیگ کیطرف کو مڑا جیسے [6]مطلق العنان گهوڑا تهان کیطرف رخ کرتا هي - [7]مرزا کي ظاهرداري نے اسکو اس قدر دهوکها دے رکها تها کہ وہ انکو مان باپ بهائي بهن خویش و اقارب سب سے بڑهکر اپنا خیرخواہ سب سے زیادہ اپنا دوست سمجهتا تها اور بے امتحان بے آزمایش اسکو مرزا پر ایسا تکیہ و اعتماد تها کہ شاید دانشمند آدمي کو متواتر تجربون کے بعد کسي دوست پر نہین هوسکتا - بات اصل یہ هي کہ مردم‌شناسي کي جو ایك صفت هي کلیم مین مطلق نہ تهي

مرزا سے زیادہ اسکو اپني نسبت مغالطہ تها اور [8]اسنے اپنے تئین

---

in the sense of 'tall talk' or 'braggadocio.'

[4] *Dâd wa tahsîn kî fikr men munhamik*, 'absorbed in the conception of extravagant encomiums.' This is a hit at the custom of writing complimentary odes—the *madh-i-bejâ* condemned in the last chapter, p. 225, line 1. For the gender of *fikr*, see Ch. VI. 68.

[5] *Lan-tarânîyân*, 'boastings.' *Lan tarânî* (Qoran VII. 139), which is in the authorized Urdû version *hargiz na dekh-sakegâ tû mujhe*, is a phrase attributed to God in the account of the delivery of the Law on Mount Sinai, and has been profanely vulgarized in Persian literature

[6] *Mutlaqu-l-'inân*, 'free of the rein.' *Mutlaqu-l-'inânî*, in the general sense of 'freedom from control,' occurs in the next chapter.

[7] *Mirzâ kî zâhirdârî*, 'the Mirza's speciousness.' This punning upon names is very common in the East. Examples have already been noticed at Ch. II. 39, VII. 75, &c.

[8] *Usne apne-ta'in aisâ 'azîzu-l-wujûd farz kar rakhâ thâ*, 'he had assumed himself to be such a darling creature.'

ایسا عزیزالوجود فرض کررکھا تھا کہ [9] ایك سے ایك لائق نوکري کي جستجو مین مارے مارے پھرتے هین اور نهین ملتي - اور [10] کلیم کے ذهن مین از خود یہہ خنّاس سمایا هوا تھا کہ گویا تمام هندوستاني سرکارین [11] اسکے قدوم میمنت لزوم کي متمني اور منتظر هین اور جس طرف کو چل کھڑا هوگا وهان کا والي ملك اسکي تشریف آوري کو [12] بس غنیمت سمجھیگا - گھر سے نکلا تو محض تهیدست لیکن اس خیال مین مگن کہ [13] اب کوئي دم جاتا هي کہ مالك خزائن الارض بننے والا هون چلا [14] جوتیان چٹخاتا هوا مگر اس تصور مین مست کہ فیل کوہ پیکر مع هودج زر اسکي سواري کے لئے آ رها هي باوجودیکہ شبخوابي کے کپڑون کے سوا بدن پر کچھ نہ تھا تاهم [15] خلعت هفت پارچہ کي امید مین

[16] نظر اسکی نخوت کے زینے پہ تھی   کہ شانون سے اتری تو سینے پہ تھی

[9] *Ek se ek*, &c., ‘he was constantly knocking about in search of good appointments one after another—without getting one.’.

[10] *Kalîm ke zehn men az-khûd yeh khannâs samâyâ hûâ thâ*, ‘Kalîm’s mind was possessed by a voluntary spirit of delusion.’ *Khannâs* (Arabic intensive agent) means ‘a shrinker’ (from God), an evil spirit, or *shaitân*, generally.

[11] *Uske qudûm maimanat-luzûm*, ‘his fortune-compelling advent.’

[12] *Bas*, like *khair* or *bhalâ*, is here used interjectionally, much as our ‘yes’ or ‘aye’ introductory to the use of a strong expression.

[13] *Ab koî dam jâtâ hai*, &c., ‘Some time hence I shall be made master of the treasures of the world.’

[14] *Jûtiyân chatkhâtâ hûâ*, ‘cracking his shoes (upon the ground).’

[15] *Khil‘at-i-haft pârcha*, ‘a *khilat* of seven pieces,’ usually articles of dress presented in *darbâr*. The ordinary *khil‘at* consists of five pieces.

[16] Translate: ‘His regard was fixed on the stair of pride, descending from his shoulders and resting on his breast.’

This verse was doubtless in the author’s mind when he wrote the sentences commented on at Ch. II. 75, 76, where the attitudinizing of Kalîm is compared by his father to the movements of a fan-tail pigeon.

[17] قصہ کوتاہ کلیم شیخ چلّی کے سے منصوبے سوچتا ھوا اپنے دوست مرزا کے مکان پر پہونچا

اس شخص کی کیفیت یہہ تھی کہ شاید اسکا نانا وہ بھی حقیقی نہیں [18] ابتداے عملداری سرکار میں صاحب رزیڈنٹ کی اردلی کا جماعدار تھا ۔ اول تو ایسی عالیجاہ سرکار دوسرے باعتبار منصب اردلی کا جماعدار تیسرے ان دنوں کی بے عنوانی اسپر خود اسکی رشوت ستانی بہت کچھ کمایا یہانتک کہ اسکا اعتداد [19] دلّی کے رودارونمیں ھوگیا ۔ مرزا کی ماں اوائلِ عمر میں بیوہ ھوگئی جماعدار نے باوجودیکہ دور کی قرابت تھی حسبةً للہ اسکا تکفّل اپنے ذمے لیا ۔ جماعدار اپنی حیات میں تو اتنا سلوک کرتا رھا کہ مرزا کو یتیمی اور اسکی ماں کو بیوگی بھولکر بھی یاد نہ آئی ھوگی لیکن جماعدار کے مرنے پر اسکے بیٹے پوتے نواسے کثرت سے تھے انھون نے بے اعتنائی کی اور اگرچہ جماعدار بہت کچھ وصیت کر مرے

rishta supposed the name to be derived from Dilu, a Raja of Indraprasth, the old Aryan settlement on the Jamna, named in the Mahâbhârat. Tradition says that Anangpâl dug up this same pillar to see what was at the bottom, and afterwards found the soil too loose (*dahlî*) for its re-erection. But as the pillar is eight miles away from the site of the old city, the legend is hardly sufficient to account for the change of name. Others explain the word to mean the shifting nature of the soil on which the city stood.

Hunter's *Gazetteer* retains the Anglo-Indian mis-transliteration *Delhi*.

[17] *Qissa-kotâh Kalîm sheikh-chillî ke se mansûbe sochtâ hûâ*, &c., 'To make a long story short, Kalîm, pondering over plans worthy of a simpleton, reached his friend the Mirza's house.' See Ch. II. 104.

[18] *Ibtidâ-i-'amaldârî-i-Sarkâr men*, 'in the early years of the Company's administration.' *Sarkâr Kampanî bahâdur* used to be the full form of the expression: *sarkâr* means the existing government, whatever it is.

[19] *Dilli* or *Dehli*: the former is the most ancient form, and occurs in an inscription on the celebrated iron pillar near the Kutb, which is referred to the time of Anangpâl Tuar (8th cent.). Fe-

تھے مگر انکے [20] ورثا نے بھزار دقت محلسرا کے پہلومین ایک بہت
چھوٹا سا قطعہ انکے رھنے کو دیا اور سات روپئے مہینے کے کراے
کي دکانین مرزا کے نام کردین - یہہ تو حال تھا کہ مرزا مرزا کي مان
مرزا کي بیوي تین تین آدمي [21] اور سات روپئے کي [22] کل کائنات اسپر
مرزا کي شیخي اور نمود - یہہ مسخرہ اس ھستي پر چاھتا تھا کہ
جماعدار کے بیٹون کي برابري کرے جنکو صدھا روپئے ماھواري
کي مستقل آمدني تھي - [23] اگرچہ جماعدار والے اسکو منھہ نہین
لگاتے تھے مگر یہہ بیغیرت زبردستي انمین گھستا تھا یہہ کسیکو
بھائي جان کسیکو ماموجان کسیکو خالوجان بناتا اور وہ لوگ اسکے
[24] ادعاے رشتون ناتون سے جلتے اور دق ھوتے - اونچي حیثیت
کے لوگون مین بیٹھنا اسکے حق مین اور بھي زبون تھا [25] انکي
دیکھادیکھي اسنے تمام عادتین امیرزادون کي سي اختیار کر رکھي
تھین مگر امیرزادگي نہ تھي تو کیسے نبھے دوکانین گروي ھوتي
جاتي تھین - مان بیچاري بھتیرا بکتي مگر کون سنتا تھا
[26] مرزا کو جب دیکھو [27] پانونمین ڈیڑھ حاشیے کي جوتي سر پر

---

[20] *Wurasâ*, 'heirs,' the accepted broken plural of *wâris*, the normal singular *warîs* being obsolete.

[21] The *aur* of contrast. See Ch. I. 122.

[22] *Kull kâ'inât.* See Ch. VI. 58.

[23] *Agarchi jimâ'dâr-wâle isko munh nahîn lagâte the*, 'Although the Jimâ'dâr's family gave him no countenance.'

[24] *Iske idde'â-i-rishton nâton*, 'his claim of relationship.' The use of the *izâfat* before a Hindî plural is very rarely met with. *Sardâr-i-choron*, 'the chief of the robbers,' occurs in *Alif-Laila*, p. 454, folio edit. Cawnpore; but this is one of only two instances in the whole of the four volumes.

[25] *Unkî dekhâ-dekhî*, 'taking them as a pattern.' See Ch. II. 74.

[26] *Mirzâ ko jab dekho*, 'When you see the Mirzâ.' It is easy to say that dekho is the 2nd per. pl. of the regular aorist, but in cases where there is no textual addressee, as here, it may equally well be taken as imperative in *form*, if aorist in signification, as in the sentences at Ch. IX. 47. The *jâo* at Ch. I. 4 may be explained in the same way. Compare also the verbs at p. 155, lines 2, 3.

[27] *Pâṅon men derh hâshiye kî*

دوهري بيل كي بهاري كامدار توپي بدن مين ايك چهوڙ دو دو انگركهے اوپر شبنم يا هلكي تن‌زيب نيچے كوئي طرحدار سا ڈهاكے كا نينو ـ [28] جاڑا هوا تو بانات مگر سات روپيے گز سے كم نهين ـ خير يه تو صبح و شام ـ اور تيسرے پهر [29] كاشاني مخمل كي اصف‌خاني جسمين حرير كي سنجاف كے علاوه گنگاجمني كمخواب كي عمده بيل ٹنكي هوئي ـ سرخ نيفه ـ [30] پايجامه اگر ڈهيلے پايچون كا هوا تو كلي‌دار اور اس قدر نيچا كه ٹهوكر كے اشارے سے دو دو قدم آگے اور اگر تنگ‌مهري كا هوا تو نصف ساق تك چوڙيان اور اوپر جلد بدن كي طرح مڑها هوا ـ ريشمي ازاربند گهٹنون مين لٹكتا هوا اور اسمين بے‌قفل كي كنجيون كا گچها ـ غرض ديكها تو مرزا صاحب [31] اس هيئت كذائي سے چهيلا بنے هوے سر بازار چهم چهم كرتے چلے جا رهے هين

The *Asaf-khânî* is an article of dress which bears the name of its inventor, just as *Amânat-khânî* is the name of a favourite mixture of tobacco for the hookah.

[30] *Pâejâma*, &c., 'If the *pâejâma* is one with loose legs, it is puffed out with gussets and worn so low that every advance of the foot throws it two paces forward; if it is made to fit tight, there are wrinkles half-way up the leg, and above that it is like a second skin.'

Kalî-dâr, 'gussetted.' Comp. *Mirâtu-l-'anîs*, p. 24:—*Main donon pâechon men kaliyân lagâ-chukî*, 'I have fitted gussets into both legs.'

[31] *Is hai'at-kazâî*, &c., 'A swell made up in this guise, he goes tinkle-tinkle in the midst of the bazâr.' See Ch. VI. 75.

jûtî, '(he has) on his feet shoes of a border and a half,' that is, with a deeper binding of gold or silver thread than usual round the sides and front.

Dohrî bel, 'double strip of embroidery.'.

Ek chhor, &c. See Ch. I. 52.

Shabnam ('dew'), a very fine kind of muslin.

Halkî tanzeb, 'light flowered muslin.'

Dhâke kâ nainû, the well-known Dacca muslin.

[28] *Jârâ hûâ*, 'in the cold season': *lit.* when it was the cold season.

[29] *Kâshânî makhmal kî Asaf-khânî*, &c., 'a jacket of Kashân velvet, which, besides having a border of silk, was edged with a choice embroidered strip of parti-coloured brocade.'

کلیم سے اور مرزا سے محفل مشاعرہ مین تعارف پیدا هوا شدہ شدہ مرزا صاحب کلیم کے مکان پر تشریف لانے لگے یہانتک کہ اب چند روز سے تو دونون[32] مین ایسي گاڑھي چھننے لگي تھي کہ گویا یك جان و دو قالب تھے ـ کلیم کو تو مرزا کے مکان پر جانیکا کبھي بھي اتفاق نہین هوا مگر مرزا شام کو تو کبھي کبھي لیکن صبح کو بلاناغہ آتے اور تمام تمام دن کلیم کے پاس رهتے ـ مرزا نے اپنا حال اصلي کلیم پر ظاهر نہین هونے دیا کلیم یہي جانتا تھا کہ جماعدار کا تمام ترکہ مرزا کو ملا اور وہ جماعدار کي محلسرا کو مرزا کي محلسرا اور جماعدار کے دیوانخانہ کو مرزا کا دیوانخانہ اور جماعدار کے بیٹے پوتون کے نوکرون کو مرزا کے نوکر سمجھتا تھا اور اسي غلطفہمي مین وہ گھر سے نکلا تو سیدھا جماعدار کي محلسرا کي ڈیوڑھي پر جا موجود هوا ـ باربار کے پکارنے اور کنڈي کھڑکھڑانے سے دو لونڈیان چراغ لئے هوے اندر سے نکلین اور انمین سے ایك نے پوچھا کون صاحب هین اور اتني رات گئے کیا کام هي ـــ **کلیم** ـ جاؤ مرزا کو بھیجدو ـــ **لونڈي** ـ کون مرزا ـــ **کلیم** ـ مرزا ظاهردار بیگ جنکا مکان هي اور کون مرزا ـــ **لونڈي** ـ یہان کوئي ظاهردار بیگ نہین هي ـ اتنا کہکر قریب تھا کہ لونڈي پھر کواڑ بندکرلے کہ کلیم نے کہا کہ کیون جي کیا یہہ جماعدار صاحب کي محلسرا نہین هي ـــ **لونڈي** ـ هي کیون نہین ـــ **کلیم** ـ پھر تمنے یہہ کیا کہا کہ یہان کوئي ظاهردار بیگ نہین کیا ظاهردار بیگ جماعدار کے وارث اور جانشین نہین هین ـــ **لونڈي** ـ جماعدار کے وارثون کو خدا سلامت رکھے[33] موا ظاهردار بیگ جماعدار کا وارث بننے والا کون هوتا

---

dostî. The metaphor is taken from the straining of liquids through cloth.

[33] *Mu'â Zâhirdâr Beg*, 'the wretch Z. B.' This reminds one

[32] *Ab chand roz se to donon men aisî gârhî channe lagî thî*, 'Indeed, for some time since so close an intimacy had begun to be formed between them.' Understand

هي — **دوسري لونڈي** ـ [34] اري کمبخت يہ کہين مرزا بانکے کو نہ پوچھتے هون وہ هر جگہ اپنے تئين جماعدار کا بيٹا بنايا کرتا هي ـ (کليم کيطرف مخاطب هوکر) کيون ميان وهي ظاهردار بيگ نہ جنکي رنگت زرد زرد هي آنکهين کرنجي چهوٹا قد دبلا ڈيل اپنے تئين بهت بنائے سنوارے رها کرتے هين — **کليم** ـ هان هان وهي ظاهردار بيگ — **لونڈي** ـ تو ميان اس مکان کے پچهواڑے اپلون کي ٹال کے برابر ايك چهوٹا سا کچا مکان هي وہ اسمين رهتے هين

کليم نے وهان جا آواز دي تو کچهہ دير بعد مرزا صاحب ننگ دهڑنگ جانگهيہ پهنے هوے باهر تشريف لائے اور کليم کو ديکهکر شرمائے اور بولے آها آپ هين معاف کيجئے گا مين نے سمجها کوئي اور صاحب هين بندہ کو کپڑا پهنکر سونے کي عادت نهين مين ذرا کپڑے پهن آؤن تو آپ کے همرکاب چلون — **کليم** ـ [34a] چلئے گا کهان مين آپ هي کے پاس تك آيا تها ـ **مرزا** ـ پهر اگر کچهہ دير تشريف رکهنا منظور هو تو مين اندر پردہ کرادون — **کليم** ـ مين آج شب کو آپ هي کے يهان رهنے کي نيت سے آيا هون — **مرزا** ـ بسم الله تو چلئے

---

stupid! May be he is asking for Mirza the fop.' Comp. Ch. VII. 33.

[34a] *Chal'iegâ kahân*, 'Where will you please to go?'

Kalîm takes up his friend's last word in the same tense of the verb, but in the politely ironical form of the precative. Comp. Ch. VI. 10; and see the second of the illustrations given, at Ch. IX. 47, from the *Alf-Laila*, of Amîr Khûsrû's pun, preserved by Ouseley, *Notices of Persian Poets* (p. 111)—

گفتم صنما بهاے زلفت چه بود
فرياد براورد که دُر دُر مسوے

'I said, My dear, what is the price of thy locks? She peevishly replied, A pearl for every hair,' or, to take the last three words as Urdû, 'Begone, thou wretch!'

[34] *Arî kambakht*, &c., 'You

اسي مسجد مين تشريف رکهئے بڑي فضا کي جگهہ هي - [35]مين ابهي آيا

کليم نے جو مسجد مين آکر ديکها تو معلوم هوا کہ ايك نهايت پراني چهوٹي سي مسجد هي وہ بهي [36]مسجد ضرارہ کي طرح ويران وحشت ناك نہ کوئي حافظ هي نہ ملاّ نہ طالب العلم نہ مسافر هزارها چمگدڑين اسمين رهتي هين کہ انکي [37]تسبيح بےهنگام سے کان کے پردے پهٹے جاتے هين فرش پر اس قدر بيٹ پڑي هي کہ بجاے خود کهرنجے کا فرش بنگيا هي - مرزا کے انتظار مين کليم کو چار و ناچار اسي مسجد مين ٹهيرنا پڑا - مرزا آئے بهي تو اتني دير کے بعد کہ کليم مايوس هوچکا تها - قبل اسکے کہ کليم شکايت کرے مرزا صاحب [38]بطور دفع دخل مقدر فرمانے لگے کہ بندہ کے [39]گهر مين کئي دنسے طبيعت عليل هي خفقان کا عارضہ اختلاج قلب کا روگ هي اب جو مين آپ کے پاس سے گيا تو انکو غشي مين پايا اس وجہ سے دير هوئي - پهلے يہ تو فرمائيے کہ اس وقت بندہ نوازي فرمانے کي کيا وجہ هي - کليم نے باپ کي طلب اپنا انکار بهائي کي التجا مان کا اصرار تمام ماجرا کهہ سنايا

مرزا - پهر اب ارادہ کيا هے

---

[35] *Main abhî âyâ*, 'I am coming immediately.' A very common use of the past tense to express certainty.'

[36] *Masjid zirâra*, 'a mosque for mischief.' The words occur in the Qorân (Sura ix. 108), and refer to a mosque erected by a tribe hostile to the Prophet, "for infidelity and to disunite the faithful."

[37] *Tasbîh-i-be-hangâm*, 'unseasonable worship.' The term is humorously chosen, *tasbîh* being the adoration of God's *purity*. See Ch. XIII. 47.

[38] *Ba-taur-i-daf'a-i-dakhl-i-muqaddar*, 'by way of forestalling the inevitable': a term in dialectics, of which we have already had a sample at Ch. IX. 17.

[39] *Ghar*, 'family,' is a conventional avoidance of the word wife.

For *khafaqân*, see Ch. I. 73. The disease meant is palpitation of the heart.

کلیم ـ سواے اسکے کہ اب گھر لوٹ کر جانے کا ارادہ تو نہین ھي اور جو آپکي صلاح هو

مرزا ـ [40] خیر نیت شب حرام صبح تو هو ـ آپ بے تکلف استراحت فرمائیے مین جاکر بچھونا وغیرہ [40a] بھیجے دیتا ھون اور مجھکو مریض کي تیمارداري کے لئے اجازت دیجئے کہ آج اسکي علالت مین اشتداد ھي

کلیم ـ یہہ ماجرا کیا ھي تم تو کہاکرتے تھے کہ همارے یہان دوھري محلسرائین متعدد دیوانخانے کئي پائین باغ ھین حوض اور حمام اور کٹرے اور گنج اور دکانین اور سرائین ـ مین تو جانتا ھون عمارت کي قسم سے کوئي چیز ایسي نہوگي جسکو تمنے اپني مِلک نہ بتایا هو ـ [41] یا یہہ حال ھي کہ ایک متنفس کیواسطے ایک شب کے لئے تمکو جگہہ میسّر نہین جو جو حالات تمنے اپني زبان سے بیان کئے انسے یہہ ثابت ھوتا تھا کہ جماعہدار کے تمام ترکہ پر تم قابض اور متصرف هو لیکن مین اس تمام جاہ و حشمت کا ایک شمہ بھي نہین دیکھتا

مرزا ـ آپکو میري نسبت سخن سازي کا احتمال ھونا سخت تعجب کي بات ھي اتني مدت مجھسے آپ سے صحبت رهي مگر افسوس ھي آپ نے میري طبیعت اور میري عادت کو نہ پہچانا ـ یہہ اختلاف حالت جو آپ دیکھتے ھین اسکي ایک وجہ ھي ـ بندہ کو جماعہدار صاحب مرحوم مغفور نے متبنٰي کیا تھا اور اپنا جانشین کر مرے تھے شہر کے کل [42] رؤسا اس سے واقف اور آگاہ ھین انکے انتقال کے

---

[40] *Khair nîyat-i-shab harâm subh to ho*, 'Well, the night's resolution may perhaps be rejected in the morning.'

[40a] *Bheje detâ hûn*, 'I am sending at once.' Comp. Ch. VIII. 100.

[41] *Yâ yeh hâl hai*, 'Instead of this, the real state of things is,' &c. See Ch. II. 56.

[42] *Ru'asâ*, 'chiefs,' is the trisyllabic broken plural of *ra'îs* (root رأس). In this measure the second radical begins the second syllable, as in *wurasâ* (Note 20),

بعد لوگون نے اسمین رخنہ اندازیان کین - بندہ کو آپ جانتے ھین کہ بکھیڑے سے کوسون بھاگتا ھي - صجب ناملائم دیکھکر کنارہ کش ھوگیا لیکن کسیکو انتظام سلیقہ بندوبست کا حوصلہ نھین اسي روز سے اندر باھر واویلا مچي ھوئي ھي اور اس بات کے مشورے ھو رھے ھین کہ بندہ کو منالیجائین

کلیم - لیکن آپ نے اسکا تذکرہ بھي نھین کیا

مرزا - [43]اگر مین آپ سے یا کسي سے تذکرہ کرتا تو استقلال مزاج سے بے بھرہ اور غیرت و حمیت سے بے نصیب ٹھیرتا - اب آپ کو کھڑے رھنے مین تکلیف ھوتي ھي اجازت دیجئے کہ مین جاکر بچھونا بچھوادون اور مریضہ کي بیمارداري کرون

کلیم - خیر مقام مجبوري ھي لیکن پھلے ایک چراغ تو بھیجدیجئے تاریکي کي وجہ سے طبیعت اور بھي گھبراتي ھي

مرزا - چراغ کیا مین نے تو لمپ روشن کرانے کا ارادہ کیا تھا لیکن گرمي کے دن ھین پروانے بھت جمع ھوجائینگے اور آپ زیادہ پریشان ھوجئے گا اور اس مکان مین [44]ابابیلون کي کثرت ھي روشني دیکھکر گرنے شروع ھونگے اور آپ کا بیٹھنا دشوار کردینگے تھوڑي دیر صبر کیجئے کہ ماھتاب نکلا آتا ھي

کلیم جب گھر سے نکلا تو کھانا طیار تھا لیکن وہ اس قدر طیش مین تھا کہ اسنے کھانے کي مطلق پروا نہ کي اور بے کھائے نکل

---

thought wanting in independence and devoid of all sense of shame and honourable feeling.'

[44] *Abâbîl.* Hindustani dictionaries render this word 'swallow.' Johnson (*Arab. Pers. Dict.*) has 'owl' or 'bustard.' The word occurs in the Qorân (Sura cv.), where Rodwell translates 'a flight of birds.'

but by the rules of permutation which govern the weak radicals, *wâv* takes the place of *alif* in consonance with the homogeneous vowel of the preceding syllable, and *hamza* remains, as it were, a witness of the change.

[43] *Agar main âp se*, &c., 'If I had mentioned this to you or anyone else, I should have been

کھڑا ھوا ۔ مرزا سے ملنے کے بعد وہ منتظر تھا کہ آخر مرزا خود پوچھین
ھین گے تو کھدونگا ۔ مرزا کو ھرچند کھانے کي نسبت پوچھنا ضرور تھا
کیونکہ اول تو کچھہ ایسي رات زیادہ نہین گئي تھي دوسرے یہہ اسکو
معلوم ھوچکا تھا کہ کلیم گھر سے لڑکر نکلا ھي تیسرے دونون مین
بے تکلفي غایت درجہ کي تھي لیکن مرزا قصداً اس بات سے متعرض
نہ ھوا اور کلیم بیچارے کا بھوکھہ کے مارے یہہ حال کہ مسجد مین آنے
سے پہلے اسکي انتڑیون نے [45] قل ھواللہ پڑھني شروع کردي تھي ۔
جب اسنے دیکھا کہ مرزا کسي طرح اس پہلو پر نہین آتا اور عنقریب
تمام شب کیواسطے رخصت ھوا چاھتا ھي تو بیچارے نے بیغیرت
بنکر خود کہا کہ سنو یار مین نے کھانا بھي نہین کھایا

مرزا ۔ سچ کہو ۔ [46] مرد خدا تو آتے ھي کیون نہین کہا اب اتني
رات گئے کیا ھوسکتا ھي دکانین سب بند ھوگئین اور جو ایک دو
کھلي بھي ھین تو باسي چیزین رھگئي ھونگي جنکے کھانے سے فاقہ
بہتر ھي ۔ گھر مین آج آگ تک نہین سلگي مگر ظاھرا تمسے بھوکھہ
کي سہار ھوني مشکل معلوم ھوتي ھي [47] دیو اشتہا کو زیر کرنا بڑي
ھمت والون کا کام ھي ۔ ایک تدبیر سمجھہ مین آتي ھي کہ [48] جاؤن

---

[45] *Qul huwa 'llâhu (ahadun)*, 'Say, He is one God.' The first verse of the 112th Sura, which is regarded as an epitome of the Qorân. See also Ch. IV. 49—*panjâyat*. The verse is often repeated with a rosary or *tasbîh*, and the comparison of the guttural enunciation of the Arabic formula to the rumbling of an empty stomach is quite in keeping with the humour of the situation.

[46] *Mard-i-khudâ to âte hi kyûn nahîn kahâ*, 'My dear fellow, why didn't you say so the moment you came?'

[47] *Dev ishtehâ ko zer karnâ barî himmat-wâlon kâ kâm hai*, 'to keep down the demon hunger is the work of men of high courage.'

The expression is borrowed from the *Gulistân* (Bk. III. 28), where hunger (*ishtehâ*) is called *dev-i-darûn*, 'the demon inside.'

[48] *Jâ'ûn Chhadâmî bharbhûnje ke yahân se*, &c., 'I'll go and have made and bring crisp split-gram hot and hot from Small-change the grain-parcher's.'

چھدامي بھڑبھونجے کے یہان سے گرم گرم خستہ چنے کي دال بنوا
لاؤن بس ایك دھیلے کي مجھکو تمکو دونون کو کافي ھوگي رات کا
وقت ھي

ابھي کلیم نے کچھ کھنے بھي نہین پایا تھا کہ مرزا جلدیسے اُٹھ باھر
گئے اور چشم‌زدن مین چنے بھنوا لائے مگر [49] دھیلے کے کھکر گئے تھے
یا تو کم کے لائے یا راہ مین دو چار پھنکے لگائے اسواسطے کہ کلیم کے
روبرو دو [50] تین مٹھي چنے سے زیادہ نہ تھے

مرزا ۔ یار ھو تم بڑے خوش‌قسمت کہ اس وقت بھاڑ ملگیا ۔
ذرا واللہ ھاتھ تو لگاؤ دیکھو تو کیسے بھلس رھي ھین اور سوندھي
سوندھي خوشبو بھي عجب ھي دلفریب ھے کہ بس بیان نہین
ھوسکتا ۔ تعجب ھي کہ لوگون نے خس اور مٹي کا عطر نکالا مگر
[51] بھنے ھوئے چنون کیطرف کسیکا ذھن منتقل نہین ھوا ۔ دیکھئے
اتني تو رات گئي ھي مگر چھدامي کي دکان پر بھیڑ لگي ھوئي ھي
بندہ نے بتحقیق سنا ھي کہ حضوروالا کے خاصے مین چھدامي کي
دکان کا چنا بلاناغہ لگ کر جاتا ھي اور واقع مین ذرا آپ غور سے
دیکھئے کیا کمال کرتا ھي کہ بھوننے مین چنون کو سوڈول بنادیتا
ھي ۔ بھئي تمھین میرے سر کي قسم سچ کھنا ایسے خوبصورت
خوش‌قطع سوڈول چنے تمنے پھلے بھي کبھي دیکھے تھے ۔ دال

two or three handfuls of gram.' *Chane* is here the subject of *the*, and the grammatical order of the words is *do tîn muthî se ziyáda chane na the.*

[51] *Bhune húe chanon kî taraf kisî ká zehn muntaqal nahîn hú'á*, 'No one has transferred his attention to parched gram.' *Khá'e chaná rahe baná*, say the natives 'Who gram eateth health keepeth.'

[49] *Dhele ke kahkar ga'e the*, 'He went saying half-a-pice worth.' *Dhele ke*, not *dhele kî*, the exact words used, because *chane* took the place of *dál* in the immediately preceding clause.

According to the present rate of exchange, half-a-pice is worth little more than half-a-farthing of English money.

[50] *Do tîn muthî chane se ziyáda na the*, 'There were not more than

بنانے مین اسکو یہہ کمال حاصل ھي کہ کسي دانہ پر خراش تک نہین
توتنے پہوتنے کا کیا مذکور ـ اور دانون کي رنگت دیکھئے کوئي
بسنتي ھي کوئي پستئي غرض دونون رنگ خوشنما ـ یون صدھا
قسم کے غلے اور پہل زمین سے اُگتے ھین لیکن چنے کي لذت کو
کوئي نہین پاتا ـ آپ نے وہ ایک ظریف کي حکایت سني ھي

کلیم ـ فرمائیے

مرزا ـ چنا ایک مرتبہ [52] حضرت میکائیل کي خدمت مین جنکو
ارزاق عباد کا اھتمام سپرد ھي فریاد لیکر گیا کہ یا حضرت مین نے
ایسا کیا قصور کیا ھي کہ جون مین نے سر زمین سے نکالا تبر ستم
چلنے لگا ـ ماکولات اور بہي ھین مگر جیسے جیسے ظلم مجہپر ھوتے
ھین کسي اور پر نہین ھوتے نشو و نما کے ساتہہ تو میري قطع و برید
ھونے لگتي ھي میري کوپلون کو توڑکر آدمي ساگ بناتے ھین اور
مجہے کچے کو کہا جاتے ھین جب بارور ھوا تو [53] خدا جہوتہہ نہ
بلوائے آدمي بکري بنکر لاکہون من بونت چرجاتي ھین [54] اس سے
نجات ملي توھولے کرنے شروع کئے [55] پکا تو شاخ و برگ بہس بنکر
بیلون اور بہینسون کے دوزخ شکم کا ایندھن ھوا ـ رھا دانہ اسکو
چکي مین دلین گہوڑونکو کہلائین بہاڑ مین بہونین بیسن بنائین

---

no sooner got over this than they began parching the half-ripe gram.'

Idiom here requires the use of the "past absolute" *milî* in this clause; hence the sequent verbs take the same form.

[55] *Pakkâ to shâkh wa barg bhus bankar*, &c., 'Having reached maturity, my stalks and leaves were turned into dry fodder, and became fuel for the hellish stomachs of bullocks and buffaloes.'

[52] *Hazrat Maikâ'îl.* The archangel Michael is mentioned once in the Qorân (Sura ii. 92). He was known to the ancient Persians as *Beshtar*, 'the provider.' *Arzâq-e-'ebâd*, 'the supplies of (God's) servants.'

[53] *Khudâ jhûth na bulwâ'e*, 'Let not God make me tell a lie,' *i.e.* God knows I speak the truth. The expression is a common one.

[54] *Is se najât milî*, &c., 'I had

کھولتے ہوے پاني مين ابالين [56] گھنگنيان پسائين - غرض شروع سے آخر تك مجھپر طرح طرح كي آفتين نازل رہتي ہين - چنے كا حضرت ميكائيل كے دربار مين اس طرح پر بيباكانہ [57] چترپتر بولنا سنكر حاضرين دربار اسقدر ناخوش ہوے كہ ہر شخص اسے كھانے كو دوڑا چنا يہ ماجرا ديكھكر بے انتظار حكم اخير رخصت ہوا - سو حضرت يہ چنے ايسے لذت كے بنے ہين كہ [58] فرشتون كے دندان آز بھي انپر تيز ہين - افسوس ہي كہ اس وقت نمك مرچ بہم نہين پہونچ سكتا [59] ورنہ مير مدّو كے كبابون مين يہ خستگي اور يہ سوندھاپن كہان - [60] غرض مرزا نے اپني چرب زباني سے چنون كو گھي كي تلي دال بناكر اپنے دوست كليم كو كھلايا - كليم بھوكھا تو تھا ہي اسكو بھي ہميشہ سے كچھ زيادہ مزہ دار معلوم ہوئے - مرزا نے گھر جاكر ايك ميلي دري اور ايك كثيف سا تكيہ بھيجديا

دو ہي گھڑي مين كليم كي حالت كا اس قدر متغير ہوجانا عبرت كا مقام ہي - [61] يا تو خلوتخانہ اور عشرت منزل مين تھا يا اب ايك مسجد مين آكر پڑا اور مسجد بھي كسي - گھر كے الوان نعمت كو لات ماركر نكلا تھا تو پہلے ہي وقت [62] چنے چبانے پڑے -

"good old times" before the annexation.

[60] *Garz Mirzâ ne apnî charb-zabânî se*, &c., 'In short, the Mirzâ with his oiliness of tongue turned the dry pulse into a dish of *dâl* and *ghee*, and so feasted his friend Kalîm.'

[61] *Yâ to . . . yâ ab.* The disjunctive particle is here used to point the contrast between the luxury of the home Kalîm had just abandoned and the discomfort of his present lodging. See Platts, § 497, *Rem.*

[62] *Chane chabâne pare*, 'he had to chew gram.' See Ch. VIII. 81.

[56] *Ghungniyân pisâ'în*, 'they ground me into porridge.'

[57] *Chatar-patar bolnâ*, 'gabbling.' The use of this imitative word is the more appropriate that it also expresses the sound of gram parching in the oven.

[58] *Ferishton ke dandân-i-âz bhî in par tez hain*, 'The greedy teeth of angels even are keen to enjoy it.'

[59] *Warna Mîr Maddû ke kabâbon men*, &c., 'else, in point of fragrance and crispiness, Mîr Maddû's collops are nowhere.'

The person named was a famous Lucknow cook of the

نہ چراغ نہ چارپائي نہ بھن نہ بھائي نہ مونس نہ غمخوار نہ نوکر نہ خدمتگار مسجد مین اکیلا ایسا بیٹھا تھا جیسے قیدخانے مین حاکم کا گنھگار یا قفس مین مرغ نوگرفتار ۔ [63]اور کوئي ھوتا تو اس حالت پر نظر کرکے تنبّہ پکڑتا اپني حرکت سے توبہ اور اپنے افعال سے استغفار کرتا اور [64]اسي وقت نھین تو سویرے گجردم باپ کے ساتھ نماز صبح مین جا شریك ھوتا لیکن کلیم کو [65]اور یا بھت سے مضمون سوچنے کوتھے اسنے رات بھر مین ایك قصیدہ تو مسجد کي ھجو مین طیار کیا اور ایك مثنوي مرزا کي شان مین ۔ صبح ھوتے آنکھ لگ گئي تو نھین معلوم مرزا یا محلہ کا کوئي اور عیّار ٹوپي جوتي رومال چھڑي تکیہ دري یعني جو چیز کلیم کے بدن سے منفك اور اسکے جسم سے جدا تھي لیکر چنپت ھوا ۔ یون بھي کلیم بھت دیر کو سوتا اٹھتا تھا اور آج تو ایك وجہ خاص تھي کوئي پھر سوا پھر دن چڑھے جاگا تو دیکھتا کیا ھي کہ فرش مسجد پر پڑا ھي اور نیند کي حالت مین جو کروٹین لي ھین تو سیرون گرد کا بھبوت اور چمگدڑونکي بیٹ کا ضماد بدن پر تھپا ھوا ھي [66]حیران ھوا کہ قلب

the Talmud, 'blue' not 'black' is the colour chosen.

[65] *Aur yâ bahut se mazmûn*, 'many other subjects instead.' See Ch. II. 56, for this use of *yâ*.

The phrase *aur yâ*, which occurs in the last clause of the paragraph, is another thing. There it stands for *warna* (*wa agar na*), in the sense of 'and if not.'

[66] *Hairân hûâ*, &c., 'He wondered whether, from being a material body, he had somehow been turned into a spiritual.' See Ch. VII. 33, 59.

Mâ-hîyat or *mâ-hai'at*, 'that which exists.'

[63] *Aur koî hotâ*, &c., 'Had it been anyone else, he would have reflected on this state of things, and have taken warning.'

[64] *Usî waqt nahîn to suvere gajardam*, &c., 'If not just then, at any rate before day-break, he would have gone to join his father at morning worship.'

Gajar-dam, as explained by Fallon, is the striking of the gong at 4 A.M., the time when devout Moslems rise for their visit to the mosque. The right time for morning worship is when it is just light enough to "discern a white thread from a black thread." (Qorân, ii. 183.) In

ماهيت هوكر مين كهين بهتنا تو نهين بنگيا - مرزا كو ادهر ديكها ادهر ديكها كهين پته نهين - مسجد تهي ويران اسمين پاني كهان صبر كركے بيٹهه رها كه كوئي الله كا بنده ادهر كو آنكلے تو اسكے هاتهه مرزا كو بلواؤن اور يا منهه هاتهه دهوكر خود مرزا تك جاؤن ٭

اسمين دو پهر هونے آئي بارے ايك لڑكا كهيلتا هوا آيا جوهين زينه پر چڑها كه كليم اس سے عرض مطلب كرنے كے لئے لپكا وه لڑكا اسكي هيئت كذائي ديكهه ڈركر بهاگا خدا جانے اسنے اسكو بهوت سمجها يا سڑي خيال كيا - كليم نے بهتيرا پكارا اس لڑكے نے پيٹهه پهيركر نديكها - ناچار كليم نے بهزار مصيبت دوسرے فاقے سے شام پكڑي اور جب اندهيرا هوا تو اُلّو كي طرح اپنے نشيمن سے نكلا سيدها مرزا كے مكان پر گيا آواز دي تو يهه جواب ملا كه [67] وه تو بڑے سويرے قطب صاحب سدهارے هين كليم نے چاها كه اپنا تعارف ظاهر كركے ممكن هو تو منهه دهونے كو پاني مانگے اور مرزا كي پهٹي پراني جوتي اور ٹوپي تاكه كسي طرح گلي كوچے مين چلنے كے قابل هوجائے - يهه سوچكر اسنے كها كيون حضرت آپ مجهسے بهي واقف هين ؟ اندر سے آواز آئي - هم تمهاري آواز تو نهين پهچانتے اپنا نام و نشان بتاؤ تو معلوم هو - كليم بولا - ميرا نام كليم هي اور مجهسے اور مرزا ظاهردار بيگ سے بڑي دوستي هي بلكه مين شب كو مرزا صاحب هي كي وجه سے مسجد مين تها - جواب آيا - وه دري اور تكيه كهان هي جو رات تمهارے سونے كے لئے بهيجا گيا تها - تكيه اور دري كا نام سنكر تو كليم بهت چكرايا اور ابهي جواب دينے مين

---

modern city. The following is from the *Binâtu-Nâsh* (p. 98):—*Jab tum Qutb Sâhib ga'î thîn to lât tumko kitnî dûr se nazar-ânî shurû' hûî thî,* 'When you went to the Qutb, from how far off did the Tower begin to appear to you?'

[67] *Woh to bare suvere Qutb Sâhib sidhâre hain,* 'He started very early this morning for the Qutb.' *Qutb Sâhib* is the local term for the Tower (*lât*), which bears the name of the Emperor Qutbu-d-dîn, some ten miles south of the

تامل تھا کہ اندر سے آواز آئي - مرزا زبردست بیگ دیکھنا یہہ
ردوا کہین چل نہ دے دوڑکر تکیہ دري تو اس سے لو

کلیم یہہ بات سنکر بھاگا ابھي گلي کے نکڑ تک نہین پہونچا تھا کہ
بردست نے [68] چور چور کرکے جا لیا - ہرچند کلیم نے مرزا ظاہردار بیگ
ے ساتھہ اپنے حقوق معرفت ثابت کئے مگر زبردست کا ٹھینگا سر
ر اسنے ایك نماني اور پکڑکر کوتوالي لیگیا - کوتوال نے سرسري
طور پر دونون کا بیان سنا اور کلیم سے اسکا حسب نسب پوچھا - ہر
چند کلیم اپنا پتہ بتانے مین جھیپتا تھا مگر چار و ناچار اسکو بتانا
ڑا - لیکن اسکي حالت ظاہري ایسي ابتر ہو رہي تھي کہ اسکا
سچ بھي جھوٹھہ معلوم ہوتا تھا - کوتوال نے سنکر یہي کہا کہ میان
صوح جنکو تم اپنا والد بتاتے ہو مین انکو خوب پہچانتا ہون اور یہہ
ھي مجھکو معلوم ہي کہ انکے بڑے بیٹے کا یہي نام ہي جو تمنے اپنا
یان کیا محلہ کا پتہ گھر کا نشان بھي جو تمنے بتاوکہا سب ٹھیك مگر
لیم تو ایك مشہور معروف آدمي ہي آج شہر مین اسکي شاعري
ي دھوم ہي تمھاري یہہ حیثیت کہ ننگ سے سر ننگے پانون بدن پر
یچڑ تھپي ہوئي مجھکو باور نہین ہوتا - اچھا اب رات کو کیا ہوسکتا
ي جرم سنگین ہي اسکو حوالات مین رکھو صبح ہو مین انکے
الد کو بلواؤن تو انکے بیان کي تصدیق ہو - کلیم یہہ سنکر [69] رو دیا

more expressive than such lines as,

وه رو رو کے اسطرح دونون ملے
کہ جسطرح ساونون سے بھادون ملے

and many other proverbial phrases and expressions which might be quoted, to say nothing of the tears of the stern Nasûh in the earlier portion (Ch. II.) of this tale? Nevertheless, that some feeling of shame is attached to tears is clear from p. 192, line 3.

[68] *Chor chor karke* 'crying Thief! thief!' Comp. the sense of *karnâ* noticed at Ch. IV. 11; XII. 11.

[69] *Ro-diyâ*, 'burst into tears.' Speaking of the Persians, Ferrier quaintly says, "the men weep like calves and the women like does"; but so little is known of the private life of the natives of India that much of their emotional susceptibility is unsuspected by strangers. Still, what can be

اور کہا کہ مین وہي بدنصیب ہون جسکي شعرگوئي کا شہرہ آپ نے سنا ہي اور [70] آپکو یقین نہو تو مین اپنے افکار تازہ آپکو سناؤن ـ چنانچہ کل شب کو جو کچھہ مسجد و مرزا کي شان مین کہا تھا سنایا اوسپر کوتوال نے اتني رعایت کي کہ [71] دو سپاہي کلیم کے ساتھہ کئے اور انکو حکم دیا کہ انکو میان نصوح کے پاس لیجاؤ اگر وہ انکو اپنا فرزند بتائین تو چھوڑدینا ورنہ واپس لالر حوالات مین قید رکھنا

کلیم پر اس کیفیت سے باپ کے روبرو آنا جیسا کچھہ شاق گزرا ہوگا ظاہر ہي مگر کیا کرسکتا تھا سپاہي اسکو کشان کشان لے ہي گئے ـ محلہ کي مسجد جسمین نصوح نماز پڑھا کرتا تھا اسکے گھر سے بہت قریب تھي صحن مسجد مین ایك شاداب چمن تھا اور چمن کے بیچون بیچ ایك پکّا مرتفع چبوترہ عجب تفریح کا مقام تھا ـ نصوح بیشتر نماز عشا کے بعد خصوصاً چاندني راتون مین اس چبوترے پر بیٹھکر پھول بوٹون مین خداوند تعالي کي صنعت کا ملاحظ کیا کرتا تھا [72] اسکو بیٹھا دیکھہ دوسرے نمازي بھي جمع ہوجاتے تھے اور

---

70 *Âp ko yakîn naho*, &c., 'If you are uncertain, let me recite to you my last conceits.'

For this sense of *fikr* see Note 4 above.

71 *Do sipâhî K. ke sâth ki'e*, 'He told off two policemen to accompany Kalîm.'

With reference to the remarks made on the use of *ko* with the object at Ch. I. 141, it is worth observing here that the author writes *sipâhî* in preference to *sipâhiyon ko*. Had he felt there was any ambiguity to avoid, or if there had been any need for distinguishing the two policemen from others, he would have used the latter.

72 *Usko baithâ (hûâ) dekh*, 'seeing him seated.' See Ch. VIII. 11*a*; and observe that the construction of the past participle is precisely the same as that of the present participle, when used predicatively of an object which is defined by *ko*. I notice this point, because it has been said (Platts § 422) that the past participle in this connection "always takes the form of the nominative." See the following sentence from the *Alf-Laila*, p. 493, which I have chosen because the verbs used are the same as those of the clause before us:—*usne parî ko takht par baithe hûe dekhâ*. Generally, no doubt, the uninflected form is preferred.

نصوح کو وعظ و پند کے طور پر انکے ساتھہ گفتگو کرنے کا موقع ملتا تھا ـ [73] نصوح اور اسکے مستمعین مسجد کے چبوترے پر جمع ہوتے جاتے تھے کہ کوتوالي چبوترے کے سپاہي کلیم کو لئے آ پہونچے ـ یہہ اتفاق منجانب اللہ شاید اس وجہ سے پیش آیا کہ جو لوگ کلیم کي نظر مین صرف اس وجہ سے ذلیل تھے کہ وہ اپنے خالق کي پرستش کرتے تھے یا اپنے اور اپنے بال بچون کے پیٹ بھرنے کے لئے محنت مزدوري کرکے [74] بوجہ حلال روزي پیدا کرتے تھے انکے سامنے اسکي گردن نخوت نیچي ہو ـ اب وہ انھین قلاؤذیون اور مردہ‌شوئون اور بھک‌منگون اور ٹکڑگدائون کے روبرو اس حیثیت سے کھڑا تھا کہ [75] منکر نکیر کي طرح دو سپاہي اسکي گردن پر سوار تھے نہ سر پر ٹوپي نہ پاؤنمین جوتي [76] دو وقت کے فاقے سے منہہ سوکھکر ذري سا نکل آیا تھا آنکھون مین حلقے پڑگئے تھے ہونٹھون پر پپڑیان جم رھي تھین کپڑون کا وہ حال تھا کہ [77] ایسے لباس سے ننگا ہوتا تو بہتر تھا

in Hihdustani. The literal meaning of the word is 'face.'

[75] *Munkir Nakîr* (the Refusers) are two angels whose duty is to examine the dead within the tomb, one sitting on each shoulder. They are alluded to, but not named, in the Qorân (Sura l., 16), but the Traditions describe them with grotesque exactness.

[76] *Do waqt ke fâqe se*, &c., 'By reason of a whole day's fast, his face seemed shrivelled to an atom.' See Ch. I. 43.

[77] *Aise libâs se nangâ hotâ to behtar thâ.* 'He had better have been naked than wear such a dress.' See Ch. I. 151.

[73] *Nasûh aur uske mustame'in*, &c., 'Nasûh and his hearers were assembling on the platform of the mosque enclosure, when the policemen of another platform — the Kotwal's — arrived with Kalîm.' Public offices of native construction are generally quadrangular, with a raised masonry platform in the centre, for business or gossip in the open air.

[74] *Ba-wajh-i-halâl rozî paidâ karte the*, 'were earning a livelihood in a lawful fashion.' In the preceding clauses, *wajh* is used in the sense of 'reason' or 'cause,' which it ordinarily bears

جون نصوح کي نظر بيتے پر پڑي گويا ايك تير سا کليجے مين لگ گيا - اگر پہلا سا نصوح هوتا تو نهين معلوم عورتون کي طرح ڈاڑهين مارکر روتا يا سر پيٹنے لگتا يا دوڑکر بيتے کو لپٹ جاتا يا [78] سپاهيون سے بے پوچھے گچھے دست و گريبان هوپڑتا يا خدا جانے اضطراب جاهلانہ مين کيا کرتا مگر اب اسکي جملہ حرکات و سکنات معلم دينداري کي مطيع اور مودّب خداپرستي کي تابع تهين اسنے ايك دمِ سرد بهرکر [79] انا للّه وانا اليہ راجعون تو کها اور اُف بهي نہ کي - سپاهيون نے اس سے کليم کي نسبت پوچها تو اسنے آنکهين نيچي کرکے کها کہ [80] جب حضرت نوح اپنے بيٹے کو ڈوبتے دم تك بيٹا بيٹا پکارے گئے تو مين اسکے فرزند هونے سے کيونکر انکار کرسکتا هون - سپاهي تو اتنا سنکر رخصت هوئے اور کليم کو رفقاے نصوح مين سے کسي نے هاتهہ پکڑکر اپنے پهلو مين بٹهاليا

نصوح بيٹے کيطرف مخاطب هوکر بولا کيون کليم مين نے ايسا کونسا قصور کيا تها کہ تمکو ميري طلعتِ منحوس تك ديکهني گوارا نهوئي - تم اس بات سے انکار نهين کرسکتے کہ [81] شفقتِ اولاد مان باپ کي طينت مين مخمّر اورانکي جبلت مين داخل هي - وہ شفقت جو اس وقت مجهکو اس بات کي محرّك هوئي کہ مين سپاهيون کے پنجے سے تمهاري نجات کا باعث هوا وهي شفقت

translated by Rodwell: "And Noah called to his son, for he was apart, Embark with us, O my child! and be not with the unbelievers. . . . And a wave passed between them, and he was among the drowned."

[81] *Shafaqat-i-aulâd*, &c., 'Affection for their children is a leavening element in the constitution of parents, and enters into their very being.'

[78] *Sipâhiyon se be-pûchhe-gachhe dast-o-girebân ho-partâ*, 'he would have collared the policemen without inquiry.'

[79] This formula has been already noticed at Ch. VII. 109.

[80] *Jab Hazrat Nûh apne bete ko dûbte dam tak betâ betâ pukâre ga'e*, 'When Noah went on calling his son by the name of son till he was drowned.' The allusion is to Sura xi. 46 of the Qorân, thus

مجھکو اس بات پر بھي مجبور کرتي تھي اور کرتي ھي اور کرےگي
کہ مين تمکو ايسي راہ نہ چلنےدون جو تمہاري ابدي ھلاکت کا
باعث اور دائمي تباھي کا موجب ھو - اگر کسي بيمار کا طبيب
مہربان سے پرھيز کرنا کسي سياح کا بدرقہء خيرخواہ سے گريز کرنا
روا ھي تو بيشك تم بھي مجھہ سے نفرت رکھہ سکتے ھو - کيون کليم
کيا ھميشہ تمہاري خوشي مجھکو منظور تمہاري رضاجوئي مجھکو
ملحوظ نہين رھي اب جو تم نے مجھکو اپنا دشمن قرار ديا اپنا عدو
ٹھيرايا تو دشمني کا سبب عداوت کا موجب - مين نے سنا ھي کہ
تم مجھکو ديوانہ اور مجنون اور مختل الحواس تجويز کرتے ھو سو مين
تمہاري اس تشخيص صحيح اور تجويز درست اور اس فراست صائب
پر جرح نہين کرتا مين باؤلا اور سڑي اور پاگل سہي ليکن اگر کوئي
باؤلا تمہاري راہ مين کانٹے پڑے ديکھکر تمکو آگاہ کرے تو کيا اسکي
بات کو نہ سننا اسکي نصيحت کو نہ ماننا اسکي فرياد کيطرف
ملتفت نہ ھونا شيوۂ دانشمندي ھي - پھر[82] تمکو يہہ بھي سوچنا
چاھتا تھا اور چاھئے کہ آيا مين اکيلا اس جنون مين مبتلا ھون يا
اور بندگان خدا بھي ميري ھي سي راے ميرے ھي سے خيالات
رکھتے ھين - کليم مين تم سے سچ کہتا ھون کہ جتنے بزرگان دين ھو
گذرے ھين اور جتنے نيك بندے اب موجود ھين کوئي اس جنون
سے خالي نہين بلکہ جسکو جتنا يہہ جنون زيادہ اسي قدر وہ برگزيدہ
اور خدارسيدہ زيادہ - کيا اس بات کا اقرار کرنا جنون ھي کہ ھم
بندے ھين اور اسکا بھي ھمپر کچھہ حق ھي جسنے ھمکو پيدا کيا
جو ھمکو روزي ديتا ھي جو ھمکو[83] جلاتا اور مارتا ھي جو پاني برساتا

is the subject of both verbs. Comp. Ch. XIII. 24.

[83] *Jilâtâ aur mârtâ hai*, 'maketh alive and killeth': a phrase

[82] *Tum ko yeh bhî sochnâ châhtâ thâ aur châhi'e*, 'You ought to have considered before, and you ought to consider now.' *Sochnâ*

اور[84] زمین سے همارے لئے سرمایۂ حیات اگاتا هي جسنے هماري جانون کي شادابي اور تازگي کے لئے آب شیرین و خوشگوار کے سوتے زمین مین جاري کر رکھے هین اور هماري روحون کے انبساط کے لئے هوا کا ذخیره کافي مهّیا فرمادیا هي جسکے حکم سے چاند سورج اپنے معمول سے نکلتے اور غروب هوتے هین تاکہ کام کرنے کے لئے دن هو اور آرام لینے کے لئے رات جسنے دینا کے قوي هیکل اور زبردست جانورون کو همارا مطیع و[85] منقاد بنادیا هي کہ انسے هم سواري لیتے اور انپر اپنا بوجهہ لادتے انکے گوشت اور پوست اور دودهہ سے مستفید هوتے هین جسنے انسان کو گویائي و بیان کي قوت عطاکي هي جسکے ذریعہ سے وه اپنا[86] مافي الضمیر اپنے[87] ابناے جنس پر ظاهر کرسکتا هي• جسنے انسان ضعیف البنیان کو عقل کي قوت اور دانش کي طاقت دیکر روے زمین کا بادشاه اور مخلوقات کا حاکم بنایا هي[88] جسنے کائنات مین سے هر موجود کو اسکے مناسب

---

which constantly occurs in the Qorân (e.g. Sura xxiii. 83), and was originally borrowed from the *Taurît*. See Deut. xxxii. 39.

[84] *Zamîn se hamâre li'e sarmâya-i-hayât ugâtâ hai*, 'maketh to sprout for us from the ground the materials of existence.' Also Qorânic.

[85] *Munqâd*, 'submissive.' A participial verbal of the comparatively rare Form VII. of the 'weak' verb قود. The normal form *munqawad* is contracted into *munqâd*. The verbal noun inf. *inqiyâd*, for *inqiwâd*, is noticed at Ch. XII. 66.

[86] *Mâ-fî-z-zamîr*, 'what is in the mind,' 'the thoughts of the heart.' It is easy from this expression to understand why the grammarians chose the term *ism-i-zamîr* to denote what we call 'pronoun.'

[87] *Abnâe-jins*, lit. 'sons of the same genus,' 'fellow-men.' In grammar *ism-i-jins* is a 'generic noun,' and *jins* stands for 'gender.' In arithmetic *jins*, in its sense of 'commodities,' corresponds to our technicality 'practice.'

[88] *Jis ne kâ'inât men se har maujûd ko uske munâsib hâlat khalq-kiyâ hai*, 'who hath created every being in the universe in a condition suited to it.'

Kâ'inât, pl. of *kâ'in*, is here used in its ordinary sense of 'existences.' At Note 22 above it has the secondary meaning of 'property' or 'belongings.' See Ch. XIII. 55 for the genesis of the word کائن.

حالت خلق کیا ھي ـ [89] اگر دنیا کے سارے درخت قلمون مین
صرف کردیے جائین اور ساتون سمندر کا پاني سیاھي کي جگہ کام
مین لایا جاے اور پڑھے لکھے لوگ جتنے ابتداے آفرینش سے اب تک
ھوچکے اور اب موجود ھین اور آیندہ پیدا ھونےوالے ھین سب کے
سب ملکر اسکي تعریف اسکے احسانات اسکے انعامات روز قیامت
تک بیٹھے لکھا کرین تو [90] گھستے گھستے درخت ھوچکین سمندر
سوکھ جائین لکھنے والے تھک کر بیٹھ رھین مگر [91] اسکے حق واجب
کا ایک عشر عشیر بھي ادا نھو ـ کلیم [92] فنا ایک ایسي بدیھي بات
ھي کہ دنیا مین کوئي اسکا منکر نھین اور نہ اس سے انکار ممکن
ھي ـ ھیضے کي وبا کو دفع ھوئے برس نھین گذرے تمھارے دیکھتے
کیسے کیسے لوگ ھٹے کٹے توانا چلتے پھرتے امیر غریب عالم و جاھل
بھلے اور برے سبھي طرح کے صدھا ھزارھا [93] ھدفِ تیر قضا ھوگئے ـ
سدا رھے نام اللہ کا وبا پر کیا منحصر ھي [94] وعدے سے دم زیادہ نہ
کم ـ مرنا برحق ـ اچھا پھر مرے پیچھے کیا ھوگا ـ وھي عقیل ھي
وھي فھیم وھي زیرک وھي دانشمند جو اس سوال کا جواب معقول

---

89 *Agar dunyâ ke sâre darakht,* &c. This sentence is an adaptation of Sura xxxi. 26 of the Qorân, which is thus translated by Rodwell: "If all the trees that are upon the earth were to become pens, and if God should after that swell the sea into seven seas of ink, his words would not be exhausted."

90 *Ghiste ghiste darakht ho-chuken,* 'wasting and wasting the trees would be finished up.' The aorist tense.

91 *Uske haqq-i-wâjib kâ ek 'ushr 'ashîr bhî âdâ na ho,* 'not a hundredth part of his rightful claim would be made good.' The Arabic 'ushr 'ashír means 'a tenth of a tenth.'

92 *Fanâ ek aisî badîhî bât hai,* 'death is such a self-evident proposition.' *Fanâ* and *faut*, as compared with *maut* 'mors,' rather mean 'mortalitas.'

93 *Hadaf-i-tîr-i-qazâ hoga'e,* 'became a target for death's arrow.'

94 *Wa'de se dam ziyâda na kam marnâ bar haqq,* 'Life is neither more nor less than its appointed limit: death depends on God.' The first negative (before *ziyâda*) is omitted, as often happens in this kind of phrase. Ch. VII. 14.

دے جو اس [94a]معمّے کو حل کرے جو یہہ پہیلي بوجھے ۔ کلیم [95]انسان کي خاص طرح کي خلقت یعني اسکا وجود عاقل هونا اس بات کا مقتضي هي کہ ضرور اس سے کوئي بڑي خدمت متعلق اور اسکے ذمے زیادہ جوابدهي هي ۔ اگر اسکا صرف یهي کام هوتا پیٹ بهرلے اور سو رهے اور گرمي سردي سے اپنے تئین بچائے تو اسکے لئے زیادہ عقل کي ضرورت نہ تهي جانور اپنے بڑے بڑے جثّون کي پرداخت بخوبي قادر هین حالانکہ عقل سے بے بهرہ اور دانش سے بي نصیب هین ۔ پس اس خدمت اور اس ذمہ داري کو دریافت کرنا شرط انسانیت هي

نصوح کا وعظ سنکر اسکے همراهیون کے دلون مین دینداري کے ولولے اور خداپرستي کے جوش تازہ هوگئے

حاضرین مین کلیم کے سواے کوئي متنفس نہ تها جسپر تهوڑي یا بهت رقّت طاري نهوئي هو لیکن کلیم بقول سعدي شیرازي

[96] با سیہ دل چہ سود گفتن وعظ نرود میخ آهنی در سنگ

---

call a *wet-goat?* tell me. She heard the riddle, and pondered over it; and then she gave it up, and said, Do you tell me. I laughed, and said, My dear, a *water-melon.*' In Persian *tar* means *bhîgî*, and *bûz bakrî*.

[95] *Insân kî khâss trah kî khilqat*, &c., 'The speciality of man's nature, that is to say, the fact that he is a rational being, demands assent to the proposition that some important duty must be attached to him, and that he is entrusted with serious responsibilities.'

[96] Translate, 'What profit to preach to the dark-hearted? The iron peg does not penetrate the rock.' (*Gulistân*, Bk. II. 18.)

[94a] The Arabic *mo'amma* literally means that which is obscure—a dark saying. *Pahelî*, a word of Sanskrit origin, means that which is put forth—a riddle, &c. I give a specimen of the latter by way of illustration, from Nazîr's verses on a water-melon (*tarbûz*), in his favourite five-line stanza.

رات اس شوخ سے مین نے یہہ پہیلی مین کہا
بهیگی بکری کسے کہتے هین بتاؤ تو بهلا
اس پہیلی کے تئین سنکے بڑے سوچ مین آ
جب نہ سمجها تو کہا هارکے توئی تو بتا
هنسکے جب مین نے کہا اے میری دلبر تربوز

'At night I asked the saucy one this riddle: What do they

سکوت کي حالت مين سرنگون تها - جب نصوح نے ديکها کہ وہ هان يا نهين کچهہ بهي نهين کهتا تو اسنے ذرا گرم هوکر اتني بات کهي کہ بڑي دقت تمهارے معاملہ مين مجهکو يهہ درپيش هي کہ تمهارا مافي الضمير مجهپر منکشف نهين هوتا شروع مين تمنے ميرے سامنے آنے سے گريز کيا اور اب مواجهہ بهي هوا تو بے سود - کيون صاحب کچهہ تم بهي تو اپنے دل کا اراده بيان کرو

کليم - مجهکو آپ اتني اجازت ديجئے کہ گهر سے اپني ضرورت کي چند چيزين منگوالون

نصوح - سخت افسوس هے کہ تم دنيا کي چندروزه اور عارضي ضرورتون کا تو اهتمام کرتے هو اور دين کي بڑي ضرورت سے غافل هو

[96a] غم دين خور کہ غم غم دين ست   همہ غمها فروتر از اين ست

ضرورت کي چيزين منگواليںا کيا معني تم شوق سے گهر مين چلو غالباً [97] ميري نسبت کر تمکو اس گهر مين زياده دنون رهنا هي پس وه گهر ميرا کيون فرض کرليا گيا هي - تمهاري مان بهت بيتاب هي چهوٹے بڑے سب فکرمند هين - ميرے جرم کي سزا دوسرون کو دينا شيوۀ انصاف سے بعيد هي

کليم - مجهکو معلوم هي کہ آپ چند روز سے ديںداري اور خداپرستي کے نام سے نئے نئے دستور نئے نئے طريقے نئے نئے قاعدے گهر مين جاري کرنے چاهتے هين اور اس جديد انتظام مين جيسا کچهہ اهتمام آپکو منظور هي [98] مين کيا گهر مين کوئي متنفس اس

---

tanaffis us se be-khabar nahîn, 'I—but what of that?—every person in the house knows it.' This interjectional use of *kyâ* is very common. It is not always easy to convey in English, and the context is the best guide. See p. 181, line 10, &c.

[96a] Translate, 'Grieve for religion, for that is to grieve indeed: all griefs are inferior to this grief.'

[97] *Merî nisbat kar*, 'as compared with myself.' See Ch. IV. 11.

[98] *Main kyâ ghar men koî mu-*

سے بیخبر نہین ہر شخص اس بات کو اچھي طرح سے جان چکا ھي
کہ اس انتظام جدید گي مخالفت کے ساتھ گھر مین رہ نہین سکتا ۔
مین نے اپني طرف سے بہتیري کوشش کي کہ مجھکو اپني مخالفت
آپ کے روبرو ظاھر کرنے کي ضرورت نہو مگر آپ کے اصرار نے
مجھکو مجبور کردیا اور اب ناچار مجھکو کہنا پڑا کہ مین شروع سے
اس انتظام کا مخالف ھون اور میرا گریز میري راے کے ظاھر کردینے
کے لئے کافي تھا ۔ مین ایك بال کے برابر اپني طرز زندگي کو نہین
بدل سکتا اور اگر جبرًا اور سختگیري کے خوف سے مین اپني راے
کي آزادي باقي نہ رکھہ سکون تو تف ھي میري ھمّت پر اور نفرین
ھي میري غیرت پر ۔ اور [99] مین اسمین بھي کلام نہین کرتا کہ آپ
کو اپنے گھر مین ہر طرح کے انتظام کا اختیار حاصل ھي مگر اس
جبري انتظام کے وھي لوگ پابند ھوسکتے ھین جنکو اسکي واجبیّت
تسلیم ھو یا جو اسکي مخالفت پر قدرت نرکھتے ھون اور چونکہ
[100] مین دونون شقّون سے خارج ھون مین نے اپني عافیت اسیمین
سمجھي کہ گھر سے الگ ھوجاؤن اور اگرچہ میري اس وقت کي
حالت پر یہہ کہنا زیب نہین دیتا لیکن ذرا مجھکو دھلیز سے نکلنے
دیجئے تو پھر آپ اور سب لوگ دیکھہ لینگے کہ مین کیا تھا اور کیا
ھوگیا ۔ قاعدہ ھي کہ وطن مین آدمي بیقدر ھوتا ھي چنانچہ آپ کے
نزدیك بھي یہہ بات ثابت ھي کہ مجھکو گھر سے نکلنے پر بھیك
مانگني نہین ملیگي لیکن مین کہتا ھون کہ یہي آپکا فرزند نالائق و
ناخلف ھوگا [101] اور کسي امیر کي مصاحبت ھوگي یا کسي ریاست

---

99 *Main is men bhî kalâm nahîn kartâ*, ‘Nor do I question the fact that . . . .’ *Kalâm karnâ* very commonly means ‘to argue,’ or ‘raise a difficulty.’

100 *Main donon shiqqon se khârij hûn*, ‘I am outside both classes.’ The word originally means one of two pieces into which a thing is *cleft*—an alternative.

101 This is the *aur* of ‘simultaneity,’ as well as of ‘contrast.’

کي مسند وزارت ـ مين ايسا بهي احمق نهين هون که آپ پر نامهرباني کي تهمت لگاؤن آپ وهي بات فرماتے هين جو آپ ميرے حق مين بهتر سمجهتے هين ليکن ميري بے ادبي اور گستاخي معاف مين اپنے تئين محتاج تعليم و هدايت نهين سمجهتا ـ [102] رها گهر سو اسمين مين صرف اسي شرط سے چل سکتا هون که آپ ميرے نيک و بد سے بحث ميرے بهلے برے سے تعرض کرنے کا قول واثق اور وعدهٔ ختمي کرين

نصوح ـ اسکا يهه مطلب که تمنے مجهکو منصب پدري سے معزول کيا

کليم ـ [103] نهين آپ نے مجهکو فرزندي سے عاق فرمايا

اسکے بعد نصوح گهر مين آنے کي نيت سے اٹها اور اسکا اراده تها که طوعًا کرهًا جس طرح ممکن هو کليم کو ساتهه لوا جائے مگر [104] کليم نهين معلوم کيونکر نصوح کے بطون کو تاڑ گيا که اسکو اٹهتا ديکهه چبوترے سے جست کي تو صحن مين تها اور صحن سے تڑپا تو [105] احاطے کے باهر ـ لوگون نے دوڑکر ديکها تو وه بازار کے پرلے سرے جاچکا تها ـ يهه ديکهکر نصوح هکا بکا سا هوکر رهگيا اور جس طرح اسنے بيٹے کو سپاهيون کے هاتهون مين گرفتار ديکهکر انا لله کها

Kalîm boasts that though at home he will be called a worthless son, at the same time elsewhere he will be treated with the greatest distinction.

[102] *Rahâ ghar*, &c., 'As for coming home, I can only come on one condition, viz. that you make a distinct and final promise and agreement not to question or interfere with my proceedings, good or bad, right or wrong.'

[103] *Nahîn âp ne mujhko farzandî se 'âqq farmâyâ*, 'Nay, you have been pleased to disown me as your son.' See Ch. XI. 3.

[104] *K. nahîn ma'lûm kyûnkar N. ke batûn ko târ-gayâ*, 'K. somehow or other (*nescio quomŏdo*) divined N.'s hidden purpose.'

[105] *Ehâta*, 'enclosure,' or 'compound,' often shortened to *hâta* in colloquial usage. Comp. *tâ'at* for *etâ'at*, Ch. VI. 46, or *gârat* for *igârat*, p. 45, line 5. The word is a verbal noun infinitive, Form IV., from the 'weak' verb حوط 'to encircle.' In this case the

تها اب بيٹے سے جدا هوتے وقت بهي وه انالله كهكر چپ هو رها - غرض كليم نہ گهرگيا اور نہ گهر سے اسكو كوئي چيز ليني نصيب هوئي

نصوح كے پهونچتے پهونچتے يہ تمام ماجرا كسينے گهر مين جا كها اور [106]مستورات مين بيٹهے بٹهائے ايك كهرام مچگيا - فهميده بيتاب هوكر باولون كي طرح دروازے مين آ كهڑي هوئي اور قريب تها كہ پردے سے باهر نكل آئے كہ نصوح جا پهونچا - بي بي كو دروازے مين كهڑا ديكهكر حيران هوكر پوچها كہ خير تو هي كهان كهڑي هو فهميده ميان كو ديكهكر بلك گئي اور گهبراكر پوچها كہ ميرا كليم كهان هي

نصوح - ميرا كليم - اگر كليم تمهارا هوتا تو تمهارے گهر مين هوتا اور تمهارے اور باپ اور بهائي كے اتنے اسرار اتنے سمجانے اور اتني منت اور اتني خوشامد پر بے پوچهے بے كهے گهر سے نہ چلا جاتا

فهميده - اچهے خدا كے لئے ذرا مجهكو اسكي صورت دكهادو مين نے سنا هي كہ سر سے ننگا هي پاؤن مين جوتي نهين اسنے كاهيكو كبهي زمين پر پاؤن ركها تها كنكر تلوون مين چبهتے هونگے - كونسے وه [107]موئے سپاهي تهے ميرے بچے كے پكڑنے والے - [108]گهورا هو تو الهي ديدے پهوٹين هاتهہ لگايا هو تو خدا كرے پور پور سے كوڑ

---

[107] *Mûe sipâhî.* See Note 33 above.

[108] *Ghûrâ ho,* &c., 'Heaven grant the eyes that threatened him be blinded—the hands that seized him break out with leprosy in every joint!' Comp. *Binât,* p. 3, *Merî ânkh phûtte phûtte bach-gaî,* 'My eye just escaped being blinded.'

loss of the *wâv* in the normal measure *ehwât* is compensated by the affix ة, which is often softened to ه in Persian and Urdû. The common words *irâda,* *ijâzat,* &c. are formed in the same way.

[106] *Mastûrât men baithe-bithâe ek kohrâm mach-gayâ,* 'A cry of woe involuntarily arose among the veiled ones.' See Ch. VII. 73.

ٹپکے ـ [109] وارے تھے وہ سپاهي اور قربان کیا تھا وہ کوتوال ـ
[110] میرا بچہ اور چوري کرنے قابل

نصوح ـ کیسي بد عقلي کي باتین کرتي هو چلو گھر مین چلکر بیٹھو باهر گلي مین تمھاري آواز جاتي هي تمھاري اس بیتابي کي محبت نے اولاد کو دنیا و دین دونون سے تو کھودیا اب دیکھئے کیاکریگي

فهمیده ـ اچھا پھر کلیم گیا تو کہان گیا

نصوح ـ جانے میري جوتي کہان گیا مجھسے پوچکر گیا هوتو بتاؤن نهین معلوم [111] خدائي خوار کہان تھا اور کیسے لوگون مین تھا کہ جو رسوائي هفتاد پشت سے نهین هوئي تھي وہ اس مردک کي وجہ سے هوئي اب مجھکو شهر مین منهہ دکھانا مشکل هي یا تو خدا اسکو نیك هدایت دے یا مین اسکو تو کیا بد دعا دون ـ [112] مجھکو ایمان سے اٹھالے کہ ان تکلیفون سے مجھکو نجات هو

فهمیده ـ کیونکر تمھارے دل نے صبر کیا اور کن آنکھون سے تمنے بیٹا کو اس حالت مین دیکھا

نصوح ـ جس طرح اسکي اس گستاخي پر صبر کیا تھا کہ مین نے باربار بلایا اور وہ نہ آیا اسي طرح مین نے اسکي وہ حالت دیکھکر صبر کیا اور جن انکھون سے اسکے خلوتخانے عشرت‌منزل اور

---

[109] *Wâre the*, &c., 'Cursed were the policemen, and accursed was the Kotwâl.' The words *wârâ* and *qorbân* are synonymous with *sadqa* (Ch. I. 146), and describe votive offerings of small value, which are waved over a person's head and then bestowed on beggars, or thrown away in token of the evils which are supposed to be averted by the operation. Hence the sense of 'castaway,' 'accursed,' &c. *Wârâ*, either as substantive or adjective, is in constant use in the zenana, and is familiar in such phrases as *wârî-pherî*, *wâre-nyâre*, &c. Comp. the expression, *Main tumpar wârî ga'î.*—*Mirâtu-l-'arûs*, p. 137.

[110] *Merâ bachchâ aur chori karne qâbil*, 'My child, and capable of theft!' See Ch. I. 122.

[111] *Khudâ'i - khwâr*, 'world-despised.' See Ch. III. 25.

[112] *Mujhko îmân se uthâle kih in taklîfon se mujhko najât ho*, 'To be saved from these troubles, I would lose hope of salvation.'

کتب خانہ کي رسوائي اور خرابي اور تفضيح کو ديکھا تھا انھين آنکھون سے اسکو کھلے سر ننگے پاؤن چور بنا ھوا سپاھيون کي حراست مين ديکھا

[113] جو کچھ خدا دکھائے سو نا چار ديکھنا

فہميدہ ـ تم سے اتنا نہوسکا کہ اسکو مجھ تک لے آتے

نصوح ـ اگر مين اسکو تم تک نہ لاسکا تو مجھسے پہلے تم اسکو مجھ تک نہين لاسکين اور نہ تم اسکو جانے سے روک سکين

فہميدہ ـ [114] کہان تم مرد کہان مين عورت

نصوح ـ [115] تو کيا تمھاري مرضي يہ تھي کہ مين اس سے کشتي لڑتا بس ايسے اخلاص سے مجھکو معاف رکھئے

غرض نصوح سمجھا بجھاکر بي بي کو گھر مين ليگيا اور يہ بات اسکے ذھن نشين کردي کہ رونے اور رنج کرنے سے مطلق فائدہ نہين البتہ خدا سے اسکے حق مين زارنالي کے ساتھ دعا کرني چاھئے کہ با مراد اسکو واپس لائے

---

thî kih main us se kushtî lartâ bas aise ikhlâs se mujhko mu'âf rakhi'e, 'What, then, would you have had me engage in a personal struggle with him? Thank you. I had rather be excused from that sort of intimacy!'

Note the use of the "past conditional" in the subjunctive clause. *Le-âti*, a few lines above, is similarly constructed. Compare the remarks made at Ch. XIII. 25.

[113] For this verse, see Ch. VII. 108.

[114] *Kahân tum mard kahân main 'aurat*, 'What comparison is there between you, a man, and me, a woman?' For this idiom, see Platts, § 487, and Pincott's *Manual*, p. 177.

The usage of *kyâ . . . kyâ*, in the sense of 'whether . . . or,' is analogous. See p. 60, line 13, *kyâ larke kyâ larkiyân*.

[115] *To kyâ tumhari marzî yeh*

گیارہوان باب

ادهر کلیم نے خالہ کے یہان جانے کا ارادہ کیا مگر اسوقت تک اسکو نعیمہ کا حال معلوم نہ تھا - [1]اگر کہین خالہ کے یہان چلا گیا ہوتا تو سب سے بہتر بات تھي - [2]سردست اسکي ہمدردي کرنے کو نعیمہ وہان موجود تھي اور چونکہ اسکي خالہ کا سارا خاندان نیک اور دیندار تھا کلیم کو نصوح کے خیالات سے مانوس کرنے کے لیے وہان ہر طرح کا موقع تھا لیکن [3]عصیان خدا کا وبال اور عقوق والدین کي شامت ابھي بہت سي گردشین اسکي تقدیر مین تھین -

[1] *Agar kahîn khâla ke yahân*, &c., 'Had he but gone to his aunt's, it would have been the best thing for him.' The past conditional remote, or 3rd form, followed by *thî* in the apodosis.

[2] *Sar-i-dast*, 'close at hand,' *lit.* head within touch of hand; similarly *sar-i-gosh*, 'whispering'—head close to ear. In the *Alf-Laila*, *sar-i-dast* usually means 'off-hand' or 'directly'; *e.g.* p. 32, *main âp ke su'âl kâ jawâb sar-i-dast nahîn kah-saktî.*

[3] *'Isyân-i-khudâ kâ wabâl aur 'uqûq-i-wâlidain kî shâmat*, 'the curse of rebellion against God, and the Nemesis of disownment by his parents.'

The sentence is interjectional.

The verbals عقوق and عاقّ (Ch. X. 103) belong to the same surd or doubled root عقّ 'to split.' Hence the technical sense of severance between father and son—the greatest of calamities in an Eastern home. The difference between the verbals is that the former expresses 'disownment,' as the result of the son's misconduct, and the latter of the father's action.

[4] جون گلي کے باهر نکلا که میان فطرت اسکو ملگئے - [5] یهه حضرت
نصوح کے چچازاد بهائیون مین تهے اور انسے اور نصوح سے موروثي
عداوت تهي جیسي که دنیادار خاندانون مین اکثر هوا کرتي هي -
رشتهداري کي وجه سے ایك کے حالات دوسرے سے مخفي نه تهے
[6] فطرت سن چکا تها که نصوح کو دینداري کا نیا خبط اچهلا هي
جسکي وجه سے اسکے تمام خاندان مین ایك کهلبلي مچ رهي هي -
جو دقتین بیچارے نصوح کو اصلاح خاندان مین پیش آتي تهین
فطرت کو سب کي خبر لگتي تهي اور [7] یهان کے تذکرون کا ایك
مضحکه هوتا تها .

کلیم کي عادت سے تو واقف تها هي فطرت اپنے یهان خود کها
کرتا تها که [8] میان نصوح لاکهه دینداري جتائین مگر جب جانے که بڑے
بیٹے کو اپني راه پر لائین - کلیم کو جو ننگے سر ننگے پاؤن سر بازار

---

was a standing joke in the family talk.' *Apne yahân*, 'in his own family,' occurs in the next line. The student will note the force of *hotâ thâ* as compared with *thâ*.

[8] *Mi'ân Nasûh lâkh dîndârî jatâ'en*, &c., 'Master Nasûh may dictate any amount of piety, but how about bringing over his eldest son to his way of thinking?'

The sentence hardly admits of literal translation. *Jatânâ*, 'to make to know,' is a causal form of *jânnâ*, and the phrase *jab jâne*, 'when one knows,' is, therefore, in this connection, paronomastic. The full phrase is *jab jâne tab jâne*, 'when one knows one knows,' implying a doubt that one will ever know.

[4] *Jaun galî ke bâhar niklâ*, &c., 'He had no sooner issued from the lane than he encountered Mr. Fitrat.'

Fitrat means 'intrigue.'

[5] *Yeh hazrat*, &c., 'This worthy was one of Nasûh's cousins on the father's side.'

[6] *Fitrat sun-chukâ thâ kih*, &c., 'Fitrat had already heard that Nasûh had taken up a new craze for piety.'

Here the 'completive' indicates, not that F. had heard all about it, but that it was an old piece of news. There is a similar expression in the *Binâtu-n-Nash*, p. 54: *Ab tum savere uth-chukîn*, 'Have you already risen early?' (*i.e.* adopted the plan of early rising.)

Comp. Kellogg, § 354 *a*.

[7] *Yahân ke tazkiron*, &c., 'It

جاتے هوئے ديكها تو فطرت نے چهيڑكر پوچها كہ مياں كليم [9] تمنے
ابهي سے احرام حج باندهه ليا

كليم ـ احرام حج نهيں احرام هجرت

فطرت ـ [10] وهي تو كهوں مجهكو تمهاري وضعداري اور دانشمندي
سے شيخ وقت كي تقليد نهايت مستبعد معلوم هوتي تهي

كليم ـ [11] جي نهيں ـ شيخ كي خدمت ميں جيسي ارادت
شاعروں كو هي معلوم

فطرت ـ بس يهي ديكهه لو كہ بهائي نصوح كا اپني اولاد كے
ساتهه اور اولاد ميں بهي تمهاري ساتهه كہ آج ماشاءالله فخر خاندان

---

would be very far from wanting to follow the lead of the Sheikh of the period.'

'Sheikh of the period' is a synonym for an Imâm or Mahdî, the leader of a *jehâd*, which last term, it will be remembered, was used in Ch. VII. (*see* p. 149, line 14) to describe the family quarrel.

[11] *Jî nahîn Sheikh kî khidmat men*, &c., 'No, indeed—everyone knows the reverence paid by poets to a Sheikh!'

Herein lies a quip. With the satirists a Sheikh is often styled *nâseh*, 'monitor,' 'mentor,' &c., and the association of ideas at once suggests the cognate verbal *naṣûh*, which, as a noun of excess, means 'full of advice,' 'right-minded,' 'true,' 'sincere,' &c.

It may be added here that the title of the tale is taken from the Qorân (Sura xlvi. 8), in which the words *taubatan naṣûhan*, 'true repentance,' occur.

[9] *Tumne abhî se ehrâm-i-hajj bândh-liyâ*, 'Have you just donned the garb of pilgrimage?'

The *ehrâm*, which is put on at the last stage of the journey to Mecca, consists of two seamless wrappers only. No turban or shoes are worn, and the person is neglected.

Hijrat means 'flight,' best known as the title of the Mahomedan era. Technically, *hijrat* is incumbent on all Moslems who live in a *dâr-ul-harb*, or 'land of war,' that is to say, under infidel rule, so long as a *jehâd* is hopeless. The terms *hajj* and *hijrat* are thus contrasted in the *Mirâtu-l-'arûs*, p. 205:—*Yâ to hajj kî nîyat thî yâ hijrat kâ irâda kar-liyâ*, 'Either his intention was to go on pilgrimage, or he determined to leave the country.'

[10] *Wohî to kahûn*, &c., 'Just what I say. I knew that a man of your style and intelligence

هو يهه طرز [11a] مدارات هي - [12] هم لوگ تو خير کهنے کو اجنبي اور غير
هين ايسي هي بدمزاجيون نے کنبه والون سے ميل ملاپ چهڑايا ورنه
انصاف شرط هي همارا انکا کيا بانتيے اپنا کهانا اپنا پهننا لڑائي
کسلئے اور جهگڑا کيون - [13] اور طرّه يهه هي که جس قدر حضرت
سن رسيده هوتے جاتے هين مزاج جوان هوتا جاتا هي - بهائي صد آفرين
هي تمهاري والده کو [14] نهين معلوم ايسے آتش مزاج بيمروت آدمي
کے ساتهه اس نيکبخت نے کيونکر نباه کيا مگر [15] عورت ذات موذي
کے پنجه غضب مين گرفتار هي کرے تو کيا کرے - ميان کليم تم
اسکو سچ جاننا تم لوگون کي مصيبت کو خيال کرکرکے بهائي همارا
تو گهربهر بے چين رهتا هي يهه خون کا جوش هي ورنه ملنا ملانا ترک
آنا جانا موقوف سلام پيام مسدود - کيا کرين کچهه بس نهين چلتا -
بهلا پهر اس حالت سے تم جاتے کهان هو

کليم - خاله جان کے يهان جانے کا اراده هي

---

community of interest or participation.

[13] *Aur turra yeh hai*, &c., 'And to crown all, the older the gentleman grows, the more juvenile his temper becomes.' See Ch. VII. 16.

[14] *Nahîn ma'lûm*, &c., 'I can't tell how the good woman managed to live with such a hot-tempered and unkind husband.' *Nibâh* means a *modus vivendi*, as well as 'means of living.' Compare the proverb, *Ek ghar men do kâ nibâh mushkil.* Comp. also Ch. VII. 90, 91.

[15] *'Aurat-zât, &c.*, 'Caught in the terrible claws of a tyrant, what can a *woman* do?'
Comp. Ch. XIII. 22.

[11a] *Mudârât*, 'treatment,' verbal noun infin. of Form III. from root دری, 'to go round;' contracted for *mudârayat*, which would be the normal measure. The commen word *mulâqât* is formed similarly.

[12] *Ham log to khair*, &c., 'These outbreaks of temper have alienated—well, not *us*, for we are, so to speak, strangers and foreigners—the whole family: and, even if it were not so, in strict justice, what concern have we with him? Each of us has his own food and clothing; then why fight and quarrel?' In this sentence the use of *kahne ko* is similar to that noticed at Ch. I. 8.

Kyâ bântye or *bântyâ* is a proverbial phrase. The word denotes

فطرت ـ [16] تمھارے باپ کے ڈر سے دیکھا ھي چاهئے کہ گھر مین گھسنے دین

کلیم ـ نہین انسے تو ایسي توقع نہین ھي

فطرت ـ [17] مگر ذات شریف خود نہ تشریف لیجائین اسکي کیا روك ھي

کلیم ـ اسکا خدشہ تو ضرور ھي

[18] دیوار پھاندنے مین دیکھوگے کام میرا جب دھم سے آ کہونگا حضرت سلام میرا

فطرت ـ مین کہہ تو نہین سکتا لیکن سمجھو تو ھم بھي خدانخواستہ کوئي تمھارے یا بھائي نصوح کے دشمن نہین ھین ـ ابھي جب وبا مین بیمار پڑے خدا شاھد ھي دونون وقت مین خود محلہ مین آکر خبر لیجاتا تھا ھماري اماجان ھمیشہ [19] حلال خوري سے تمھارے یہان کے حالات پوچھا کرتي ھین مجھسے تو یہہ رسوائي گوارا نہین ھوسکتي کہ تم اس حالت سے ایسے بےوقت خالہ کے یہان جاؤ ـ چلو شب کو ھمارے یہان آرام کرو ایسا ھي ھوگا تو صبح کو خالہ کے یہان بھي ھوآنا ـ لو یہہ میرا دوپٹہ تو سر کو لپیٹ لو.لوگ

---

how I leap the wall, when I come down with a flop, and say, "Sir, good day to you!"'

[19] *Halâl-khûrî se*, 'through the *mehtarânî* or char-woman.' These women work for several zenânas at once, and are intermediaries of gossip. This particular appellative is due to the fact that, being of the lowest grade, they can eat any kind of food lawfully, that is, without legal defilement. *Halâl* is the oppositive of *harâm*. Both words occur in the following line from Nazîr:—

سمجھا نہ کچھ حلال نہ جانا کہ کچھ حرام

[16] *Tumhâre bâp ke dar se*, &c., 'Aye, but it remains to be seen whether from fear of your father she will admit you into her house or not.'

[17] *Magar zât-i-sharîf khûd na tashrîf le-jâ'en iskî kyâ rok hai*, 'But what is there to prevent His Honour honouring them with his presence there in person?'

Sharîf and *tashrîf* are verbals from the same root, and the *annominatio* is worth preserving as an illustration of the humour of the dialogue.

[18] Translate: 'You shall see

آئے جاتے هين اور [20] چلو پاس کے پاس اسي چھتے سے هوکر نکل چلین

غرض میان فطرت للّوپتّو کرکے کلیم کو اپنے گھر لیگئے [21] اور نصوح کي جلن سے اسکي ایسي بزرگداشت کي کہ کسيْ کے گھروا... بھي نہ کرتے هون گے ـ کلیم نے جب سے دینداري اور اصلاح وضع ک... چھیڑ چھاڑ سني تھي کیا مان کیا باپ کیا بھائي سب کو اپني ر... سے برخلاف پایا اب جو فطرت نے بغرض اسکي دلجوئي اور خاطرداري کي [22] اسکي هان مین هان ملائي اور نصوح کو مجنون اور بدمزاج اور سخت گیر ٹھیرایا یہہ احمق سمجھا کہ بس فطرت اور اسکے گھروالون سے بڑھکر کوئي میرا خیرخواہ نہین ـ اب تك تو وہ باپ سے طرف اختلاف رائے رکھتا تھا اب اسکو باپ سے ایك نفرت و عداوت پیدا هوئي ـ فطرت نے جلي کٹي باتین لگاکر یہہ خیال اسکے دل سے بالکل دور کردیا کہ نصوح کو اسکے [23] تدین نے اولاد کے ساتھہ روك ٹوك کرنے پر مجبور کیا هي اور چونکہ کلیم اپنے پندار مین یهي سمجھتا تھا کہ اس وقت تك مین هي اکیلا گھر سے نکلا هون فطرت کے بھگادینے سے اسکو یقین هوگیا کہ دینداري اور خداپرستي کا

---

[20] *Chalo pâs ke pâs isî chhatte se hokar nikal chalen*, 'Come, let us slip away through this arcade close by.' *Chhattâ*, 'bees' or wasps' nest' (p. 98, line 1), is a name given to the small roofed bazaars which open on the main streets, such, for instance, as the *Mom-garon kâ chhattâ*, 'wax-workers' arcade,' mentioned in the *Mirâtu-l-'arûs*.

[21] *Nasûh kî jalan se*, &c., 'From hatred to Nasûh, he treated him with more reverence than we presume a man receives even from the members of his own household.' Note here the force of the 'present presumptive.'

[22] *Uskî hân men hân milâ'î*, 'said Yes to everything.' See the remarks made at Ch. V. 55 on the meaning of *hâmî bharnâ*.

[23] *Tadaiyun*, 'profession of religion.' The augment *ta*, in Arabic verbals of this measure (Form V.), often implies the adoption of the idea expressed by the root. Compare the meaning of *takaffur*, 'profession of infidelity,' at Note 32 below.

حيله تها ورنه في الاصل باپ کو اسکا گهر سے نکال دينا [24]مرکوز خاطر تها

کليم اس وقت دو مخالفون کي کشمکش مين تها باپ اسکو [25]صراط مستقيم کي طرف کهينچتا تها اور فطرت گمراهي اور ذلت کيطرف ليکن فطرت حريف غالب تها اسواسطے که اول وجود کليم کا [26]ميلان طبع اسکي جانب تها دوسرے نصوح ايک نئي اور نامانوس اور دشوارگزار راه پر اسکو ليجانا چاهتا تها جسمين زهد و رياضت اور اتقا اور نفس کشي اور انکسار اور فروتني اور خوفِ عاقبت کي چندد رچند تکليفين اور مصيبتين درپيش تهين ـ اس راه مين کليم کو بدرقه و راهنما تو خير رفيق اور همسفر کا ملنا بهي مشکل تها برخلاف اسکے فطرت اسکو [27]ايک شارع عام دکهاتا تها ايسا آباد که گويا اس سرے سے اس سرے تک بازار لگا هي اور نه صرف منزل بمنزل بلکه قدم بقدم تن آساني اور عياشي اور خودپسندي اور کبر اور بے فکري اور [28]مطلق العناني طرح طرح کي آسايشين اور انواع و اقسام کي راحتين موجود و مهيّا تهين اس راه مين کليم کو ميلے کا حظ يعني [29]سفر مين حضر کا لطف حاصل تها غرض کليم

---

[24] *Markûz-i-khâtir*, 'fixed in his heart,' or 'the desire of his heart.' *Markaz*, the noun of place from the same root رکز 'to fix,' is the geometrical 'centre' of a circle.

[25] *Sirât-i-mustaqîm*, 'the straight way.' This phrase is from the *Fâtiha* (Qorân, Sura i. 5), *ehdinâ-s-sirâta-l-mustaqîm*, translated in the Urdû version *dikhâ hamko râh sîdhî*, 'Show us the straight way.'

[26] *Mailân-i-tab*', 'natural bent.' *Mailân* (not *mayalân*), a noun of quality from the root ميل for مال 'to incline to.'

[27] *Ek shâre'-i-'âmm*, 'a public highway.' *Shâre*' literally means 'making manifest,' from the same root as *shar*', the canon law of Islam, the *ism-i-maf'ûl* of which occurred at Ch. VI. 43.

[28] *Mutlaqu-l-'inânî*, 'freedom from control,' for the literal sense of which see Ch. X. 6.

[29] *Safar men hazar kâ lutf*, 'the luxury of staying at home in the act of travelling' Compare the expression *ghar baithe kî sair*, a different form of the same paradox.

میان فطرت سے شیر و شکر کي طرح ملا ۔ نسوح نے جب یہ خبر سني
تو سخت افسوس کیا نہ اس وجہ سے کہ وہ فطرت سے عداوت رکھتا
تھا کیونکہ عداوت تو دینداري کے اعتبار سے بڑا گناہ هي اور[30] نصوح
سے اسکے ارتکاب کي امید نہین کي جاسکتي تھي لیکن اسکا یہ
خدشہ کچھ بیجا نہ تھا کہ فطرت اصلاح مین کوشش نہین کریگا

فطرت کے یہان کلیم کو اور تو کسي طرح کي تکلیف نہ تھ[illegible]کر
اسکي مرضي کي کتابین یہان نہین ملتي تھین ۔ تب اسنے فطرد[illegible] سے
بیان کیا کہ دن بھر خالي بیٹھے بیٹھے طبیعت گھبرایا کرتي هي
اگرچہ مین نے اپنے حالات مین ایك مثنوي کہني شروع کردي هي
اور سو سوا سو شعر هو بھي گئے هین مگر [31] فکرسخن بے اطمینان
خاطر بن نہین پڑتا اگر آپ صلاح دین تو مین اپني چند کتابین گھر
سے منگوابھیجون

فطرت ۔ مجھکو بھائي نصوح سے توقع نہین کہ وہ اتني رعایت
بھي تمہارے حق مین جائز رکھین خصوصاً اس حال مین کہ تم میرے
گھر هو ۔ میرے نزدیك تمہارا یہ جرم انکے مذهب مین [32] تکفر کے
لئے کافي هي [33] مگر هان اپني والدہ سے کہلابھیجو انکا قابو چلیگا
تو البتہ دریغ نکرینگي

---

[30] *Nasûh se uske irtikâb kî ummed nahîn kî-jâ-saktî thî*, 'The commission of that (sin) could not be expected from Nasûh.' A useful illustration of the way in which the passive voice of a 'potential' compound is conjugated, viz. by combining the *ism-i-maf'ûl* with *jâ-saknâ* and its tenses.

[31] *Fikr-i-sukhn be-itmînân-i-khâtir ban nahîn partâ*, 'verse-making is incompatible with unrest of mind.' With this use of *fikr* comp. Ch. X. 4.

[32] *Takaffur ke li'e kâfî hai*, 'is sufficient evidence of the profession of infidelity.' *Takfîr*, the reading of the 1st edition, would mean 'taxing with infidelity.'

[33] *Magar hân apnî wâlida se kahlâ-bhejo*, 'but yes, send word to your mother.' This corrective use of the affirmative is common in Hindustânî; *hân albatta* is an alternative expression.

کليم تو متردد تها کہ کس سبيل سے کتابين منگوائے مگر فطرت
ازبسکہ عياري اور چالاکي کے موکل اسکے مطيع تهے خود بول اٹها
کہ اجي يہہ کونسي بڑي بات هي مجهسے کهئے تو [34] بهائي نصوح کي
چارپائي اٹهوا منگواؤن اور انکے فرشتون کو خبر نہو
ض فطرت نصوح کے گهر گيا اور کسي ڈهب سے اسنے
سـ ال معلوم کيا اور وہ آگ جو نصوح نے کليم کي کتابون مين
لگائ تهي فطرت نے کليم سے جا لگائي - ايك تو خانہ ويراني اسپر
فطرت کي آتش بياني - کليم پر اس آتش زني کي خبر نے وہ اثر
کيا [35] جو حضرت موسيٰ پر آتش طور نے کيا تها سنتے کے ساتهہ ايسا
بيخود هوگيا کہ گويا بجلي گري - آپے مين آيا تو مزاج ايسا برافروختہ
تها کہ شايد نصوح اس وقت موجود هوتا تو يہہ مردگ دست و گريبان
هوکر لپٹ جاتا - [36] کوئي ناگفتني جلي کٹي بات اسنے اٹها نهين
رکهي پهر لال پيلا هوکر خاموش هو رها اور اس بات کے درپي هوا کہ
باپ سے اسکا انتقام لے - کليم نے جو طريقے انتقام کے سوچے تهے
وہ سخت بيهودہ تهے جب اسنے اپني تدبيرون کو فطرت پر عرض
کيا تو [37] اسنے سب کي تحميق کي اور کها کہ ابهي تم نرے صاحبزادے

---

use of every improper caustic and cutting term he could.' The idea of the expression is the taking a thing up and not putting it down before using it. Comp. *Alf-Lail:*, p. 202: *usne koî bât kahne se uthâ na rakhî*, 'he left nothing untold.'

[37] *Usne sab kî tahmîq kî*, 'He pronounced them all foolish.' This verbal is a good illustration of the peculiar attributive force of the second form of the derived conjugations. Comp. *takfîr* (Note 32) and *takzîb*, 'proving to be false,' p. 270, line 6; and see

[34] *Bhâî Nasûh kî chârpâî uthwâ mangwâ'ûn aur unke ferishton ko khabar na ho*, 'I'd send and have my friend Nasûh's bed fetched from under him, and not even his attendant angels know of it.'

The expression is proverbial. See Ch. I. 125. Compare the adage *jaisî rûh waise ferishte.*

[35] According to the Qorân (VII. 139), God manifested himself in a flame of fire, which turned Mount Tûr to ashes, whereat Moses fell into a swoon.

[36] *Koî nâ-guftanî jalî-katî bât usne uthâ nahîn rakhî*, 'He made

هو[38] مین تمکو ایسي تدبیر بتاؤن کہ [39] هم کینہ و هم خزینہ ـ [40] گانوْن پر آخر تمهارا نام چڑھا هوا هي اسپر دخل کرو

کلیم ـ [41] این خیال‌ست و محال‌ست و جنون

[42] انکے متعدد کارندے اور نوکر چاکر اسپر مسلّط هین

فطرت ـ گانوْن تمهارا تو نوکر اور کارندے تمهارے یا انکے

کلیم ـ [43] لیکن مین صرف اسم فرضي هون

فطرت ـ اسکا ثبوت

کلیم ـ [44] ثبوت انکا قبض و دخل اور انکے روپئے سے گانوْن کا خرید هونا

فطرت ـ [45] انکا قبض و دخل عین تمهارا قبض و دخل اور انکا روپیہ عین تمهارا روپیہ هي ـ بائع نے تمهارے نام سے رسید دي [46] گانوْن مین پٹہ قبولیت تمهارے نام سے هوتا هي خزانہ سرکار مین مالگزاري تمهارے نام سے سیاهہ هوتي هي

Take possession.' For *gânon* see Ch. VII. 55.

[41] Persian: 'This idea is both impracticable and insane.'

[42] *Unke muta'addid kârinde aur naukar-châkar uspar musallit hain*, 'Numbers of his agents and employés are in possession.'

[43] *Lekin main sirf ism-i-farzî hûn*, 'but I am only a dummy.' The registration of property under a son's name is a constant, and in many respects an objectionable, practice in India.

[44] *Sabût unkâ qabz wa dakhl*, 'The proof is his being in possession.'

[45] For the usage of *'ain*, see Ch. IV. 27.

[46] *Gânon men patta qabûliyat tumhâre nâm se hotâ hai*, "In the

Palmer's *Arabic Grammar*, p. 34. The only other verbal from the same root محق, 'to make empty,' which is current in Urdû, is the common word *ahmaq*, 'an empty head,' grammatically called a noun of superiority.

[38] *Abhî tum nire sâhib-zâde ho*, 'As yet you are a mere boy.' Note the rational plural *sâhib-zâde*, and compare the words *bachche hî to hain*, 'he is but a child,' at p. 214, line 14.

[39] *Ham-kîna wa ham-khazîna*, 'revenge and rupees both': a proverbial expression for what gratifies a man's spite and fills his pocket also.

[40] *Gânon par*, &c., 'The village (your father bought) is at any rate registered in your name.

کلیم ـ [46a]جب سرے سے اسم فرضي هون تو نام کا هونا میرے حق مین کچهه بهي مفید نهین هوسکتا

فطرت ـ لیکن اگر اسم فرضي هونے سے انکار کیا جائے تو اسکي تردید کچهه آسان نهین هي

کلیم ـ میري سمجهه مین تو نهین آتا که کیونکر ایک امر واقعي کي تکذیب هوسکتي هي

فطرت ـ هان یهه شاعري نهین هي دنیاداري هي اسکو ایک خاص سلیقه درکار هي

کلیم ـ غرض اس تدبیر کا پیش رفت هونا تو ممکن نهین معلوم هوتا ـ کوئي اور بات سوچئے

فطرت ـ جب تمسے ایسے سهل کام کا سرانجام نهین هوسکتا تو گهر سے نکلنے کا حوصله تمنے ناحق کیا [47]یهي اسم فرضي کا حق مجهکو حاصل هوتا تو سیر دکهاتا

کلیم ـ فرض کرلیجئے که آپکو حاصل هي

فطرت ـ [48]کیونکر فرض کرلون ـ جیسے تم اسم فرضي مالک هو ویسا هي ایک فرضي بیعنامه میرے نام کردو تو البته مین فرض کرسکتا هون

کلیم ـ اگر ملکیت فرضي کا بیعنامه کچهه بکارآمد هو سکتا هي

---

47 *Yehî ism-i-farzî kâ haqq mujhko hâsil hotâ*, &c., 'Had I acquired this right of yours over a dummy name, I would have shown them some fun.'

48 In Fitrat's rejoinder there is a play upon the words *farz* and *farzî*, which may be preserved in English by the use of the words 'suppose' and 'supposititious.'

village the lease and counterpart are recorded in your name." *Mâlguzârî*, in the next clause, is 'the revenue demand,' as entered 'in black' in the Government Treasury of the District.'

46a *Jab sire se*, &c., 'As I am altogether a dummy, the record of my name can be of no use whatever to me.' For *nâm kâ honâ*, see Ch. III. 21.

تو گانؤن کي کیا حقیقت هي - مین تو سلطنت روم کا بیعنامہ آپ کے نام لکھدون

[49] بخال هندؤش بخشم سمرقند و بخارا را

فطرت - بھلا گانؤن تم کتنے پر بیع کروگے
کلیم - کسي فرضي قیمت پر
فطرت - بھلا اسکا اندزہ بھي
کلیم - فرض کیجئے کہ سو روپئے
فطرت - مجھسے هزار نقد لیجئے
کلیم - سچ
فطرت - سچ
کلیم - [50] واللہ بینچا
فطرت - واللہ لیا

کلیم کو فطرت کي قسم پر بھي اعتبار نہ ھوتا تھا فطرت نے گھر مین جا ھزار روپیہ کا توڑا لا سامنے رکھدیا - ادھر روپئے گئے اور ادھر [51] بیعنامہ لکھ پڑھکر طیار ھو گیا - کلیم نے سوچا کہ مین نے یہہ سودا کیا کیا ایک [52] غنیمت باردہ مفت ھاتھ آئي اس وقت تو [53] بات

[49] The second line of a distich by Hâfiz: '(Let my darling of Shîrâz be kind to me and) I would give Samarqand and Bukhârâ for her black mole.'

[50] *Wâ'llâh benchâ! wâ'llâh liyâ,* 'By heaven—sold! By heaven—bought.' These are the regular terms used at sales, and correspond to our 'Done!'

[51] *Bai'nâma likh parh-kar taiyâr hogayâ,* 'The deed of sale was written, read over, and prepared.' This is an illustration of the *passive* and impersonal use of the conjunctive participle. See Platts, § 431.

[52] *Ganîmat-i-bârida,* 'booty got without effort.' The Arabic *bârid* means 'cold,' whence the idea of absence of exertion.

[53] *Bât kî pachh karke,* 'in fulfilment of his promise.' *Pachh* is a form of the Hindî word *paksh,* as used in *paksh-dhar,* or *paksh-pât,* 'taking the side of.' Fallon seems to connect the word with *pakkâ.*

كي پچهه كركے فطرت نے روپيه ديديا هي ايسا نهو پهر چهند كرے بهتر هي كه چل ديجئے - يهه سوچ روپئے كا توڑا بغل مين داب كليم رخصت هوا تو سيدها چاندني چوك مين آيا معلدار خان كا كمره اسي روز خالي هوا تها كه اسنے [54] سرقفلي جا دي - دهلي جيسا شهر اور كليم جيسا ناعاقبت انديش اور مسرف اور اسطرح كا مال مفت - بات كي بات مين [55] فرش فروش جهاڑ فانوس ساز و سامان نوكرچاكر سب كچهه موجود هوگيا يهان تك كه اگلے هي دن پهلے مشاعره كي محفل اسكے بعد ناچ كا جلسه ٹهيرتهيرا - جتنے يار آشنا تهے سب كے نام رقعے تقسيم هوئے اور كليم كے سارے شياطين الانس پهر بدستور جمع هوگئے حتي كه وه مرزا ظاهردار بيگ بهي اتنے بڑے بے غيرت كه خبر سنكر دوڑے آئے اور كليم اتنا بڑا احمق كه ايسا دهوكها كهاكر پهر انسے صاف هوگيا

جس كيفيت سے كليم نے دو مهينے گزارے [56] ناگفته به هي - وه [57] بدكرداري كي تپ كهنه ركهتا تها اب يهه دو مهينے گويا بحران كے تهے - هزار روپئے كي كل جمع پونجي اور ايسا بيدريغ خرچ تيسرا مهينا شروع نهين هوا تها كه هزار تمام هوے - پهلے سے بهي بزاز درزي حلوائي كبابي نانوائي ميوه فروش گندهي بساطي وغيره كا حساب باقي تها [58] نوكرون كا دوماهه چڑهه چكا تها اب آٹا دال تك ادهار آنے لگا - شده شده هر طرف سے طلب و تقاضا شروع هوا

---

[54] *Sar-quflî*, 'rent in advance,' that is, money paid on receipt of the lock (*qufl*). This is an iron padlock for outside use. Comp. *Mirât*, p. 42. *Sar-quflî dekar sar-khatt likh diyâ*, 'He paid rent in advance and signed an agreement.'

[55] *Farsh-furûsh*, 'all kinds of carpets.' Compare the phrase *garîb-gurabâ*, 'all the poor folk.'

[56] *Nâ-gufta beh hai*, 'is best untold.'

[57] *Bad-kardârî kî tap-i-kuhna*, 'the old fever of wickedness.' The metaphor is carried on in the next clause in the word *bohrân*, 'crisis.'

[58] *Naukaron kâ do-mâha charh-chukâ thâ*, 'Two months' pay was due to the servants': *lit.* had mounted up.

استعمال سے پہلے اسباب خانداري کے بکنے کي نوبت پہونچي تو کلیم خواب غفلت سے بیدار هوا لیکن اب اسکا تنبّہ کچھ چندان سودمند نہ تھا ـ اسکے یار دوست دستور کے موافق اسکے پاس کا آنا جانا قاطبتہً ترك کرچکے تھے نوکرچاکر بھي گھر بیٹھ رہے تھے اور جو تھے وہ تنخواہ کے نہ ملنے سے ایسے گستاخ هوگئے تھے کہ [59] کارخدمت تو درکنار رودررو جواب دیتے تھے جو چیز جسکي تحویل مین تھي وہ هیکڑي سے اسکو اپنا مال سمجھتا تھا کوئي وقت ایسا نہ تھا کہ دو چار قرض خواہ اسکے در دولت پر نہون ـ کلیم ني چاھا کہ چپکے سے چلدے مگر اسکے بغلي دشمنون یعني نوکرون کي وجہ سے اسکا منصوبہ فاش هوگیا اور [60] جون پہر رات گئے وہ نوکرون کا لباس بدلکر باهر نکلا تھا کہ سرهنگان دیواني کے پنجۂ غضب مین گرفتار هوگیا

اس غفلت شعار کو اب معلوم هوا کہ [61] کئي ڈگریان یکطرفہ اسپر جاري هین ـ ان پیادون کي حراست مین جس کیفیت سے کلیم نے رات گزاري وہ ایسي سخت و ناگوار تھي کہ اسکو باربار ظاهردار بیگ کي مسجد کا [62] اعتکاف شبینہ حسرت کے ساتھ یاد آتا تھا ـ اگلي دن کچہري کے وقت پیادون نے کلیم کو لیجا حاکم عدالت کے روبرو حاضر کیا ـ احاطۂ کچہري مین پہونچتے هي پہلے نصوح سے

---

the fearful talons of the myrmidons of the Civil Court.'

[61] *Ka'î digriyân yak-tarfa ispar jârî hain*, 'Several decrees by default are out against him.' *Yak-tarfa* (as opposed to *tarafain*, 'both sides') means that one party only in the suit has appeared.

[62] *E'tikâf-i-shabîna*, 'the nocturnal seclusion.' The humour of this will be clear from a reference to Ch. VII. 82.

[59] *Kâr-khidmat to dar kinâr rû-dar-rû jawâb dete the*, 'Let alone (their neglect of) work and duty, they answered him to his face.'

The phrase *dar kinâr* has already been noticed at Ch. II. 64.

[60] *Jaun pahar rât ga'e*, &c., 'He had no sooner changed his dress for that of a servant, and slipped outside about ten o'clock at night, than he was caught in

مٹ بھیڑ هوئي ـ کلیم باپ کو دیکھکر بے اختیار رودیا مگر پیادون کے خوف اور اپني ندامت کے سبب کچھ کھہ نہ سکا

نصوح کا کچھري مین آنا بھي انھین حضرت کي وجہ سے تھا ـ [63] فطرت نے اس بیعنامۂ فرضي کا ایك طومار بنا کھڑا کیا اور دو چار نمکحرام کارندون کو گانٹھا اور چند کاشتکارون کو [64] بیگھہ پیچھے دو دو چار چار آنے کمي کرکے [65] استمراري پٹے کردئے دلي شھر کے چند بازاري آبروباختہ [66] غنڈے ساتھہ لے گاؤن پر زبردستي دخل کرلیا [67] نوبت بعدالت پھونچي مقدمہ مین کچھہ ایسے پیچ پڑتے گئے کہ دروغ کو فروغ هوگیا کلیم نے تو اپنے نزدیك ایك کھیل کیا تھا نصوح بیچارے کو مفت مین پانچ چھہ هزار کا گاؤن هارنا پڑا ـ اسي تقریب سے نصوح حاضر کچھري تھا کہ کلیم اسکو دوسري مرتبہ سرکاري پیادون کے هاتھہ مین گرفتار نظر آیا ـ [68] گو باپ بیٹون مین بالمشافہ بات چیت

'lasting' tense, which we call 'imperfect.'

[66] *Gunde*, 'rascals.' The Hindî word is here spelled with an Arabic initial to denote the pronunciation of the word by the Mohammedans of the Upper Doab. To the Hindûs the Arabic *gain* is as much a puzzle as it is to ourselves, and is very commonly replaced by the simpler *ga* or *gâf*.

[67] *Naubat ba-'adâlat pahûnchî*, &c., 'When the action was instituted in the Civil Court, the complications of the case were such that it became a *cause célèbre*.'

Darog ko farog is a proverbial phrase signifying 'fame for fraud.'

[68] *Go bâp-beton men*, &c.,

[63] *Fitrat ne us bai'nâma-i-farzî kâ*, &c., 'Fitrat set up a long file of papers in connection with that fictitious deed of sale.' *Tûmâr* is appropriately used here instead of the law term *misl*, for the collection of these papers was preliminary to the institution of the suit. The word is apparently of anomalous formation from the root طمر 'to heap.'

[64] *Bîgha pîchhe*, 'per acre.' Compare the following from the *Muntakhabu-l-hikâyât*, p. 32:—*darakht pîchhe do rupaya ziyâda naf' hûâ*, 'There was a profit of two rupees extra per tree.'

[65] *Istimrârî patte*, 'leases in perpetuity.' The word *istimrârî*, as applied to *bandobast*, 'revenue settlement,' means 'permanent.' Grammatically, it describes the

تو در کنار دعا سلام کا بھي اتفاق نہين ہوا ليکن ايک کو دوسرے کي کيفيت معلوم ہوگئي ـ باپ نے ابھي کچہري کے احاطہ سے پائون باہر نہين رکھا تھا کہ بيٹا جيلخانے جا داخل ہوا

کليم نے ہرچند شاعري اور اميرزادگي کے چندد رچند استحقاق ثابت کئے مگر مالکان محبس نے ايک نہ ماني اور [69]اسکو ايسا ايسا رگيدا کہ دوسرے ہي دن چين بول گيا ـ اس بيکسي مين کليم کو باپ يادآيا اور اگرچہ اپني حرکات پر نظر کرنے سے اسکو بالکل ناميدي تھي مگر [70]اَلْغَرِيْقُ يَتَشَبَّثُ بِالْحَشِيْشِ [71]مرتا کيا نکرتا بے غيرتي کا ٹھيکرا آنکھون پر رکھکر باپ کو ايک خط لکھا وہ يہہ تھا

خط

مجھکو حيرت ہي کہ مين کون ہون اور کسکو يہہ خط لکھتا ہون اور يقين ہي کہ اس خط کے پہونچنے پر مجھسے زيادہ حيرت آپکو ہوگي ـ اتني گستاخي اتني نافرماني اتني بےحيائي اتني مخالفت پر جو مجھ نالائق نابکار ناہنجار کشتني گردن زدني ننگ خاندان سے سرزد ہوئي مين کيا کوئي بھي نہين کہہ سکتا کہ مجھکو آپ کے ساتھ نسبت فرزندي باقي رہي ـ پس نہ تو يہہ خط خط ہي اور نہ

70 *Al-garîqu yatashabbasu bi-l-hashîshi*, 'The drowning man clings hard to the straw.' The form of the Arabic verb implies intensity of effort. In Urdû the ordinary form of the proverb is *Dûbte ko tinke kâ sahârâ bahut*, 'To a drowning man the support of a straw is much.'

71 *Martâ kyâ na kartâ*, 'Death in view, what won't he do?' (Fallon.)

'Though there was no opportunity for even an exchange of greetings between father and son, let alone conversation face to face, each was aware of the other's circumstances.'

69 *Usko aisâ aisâ ragedâ ki dûsre hî din chîn bol-gayâ*, 'They used him so harshly that he squeaked out on the second day.' The term describes the cry of a trapped animal. The word *ragednâ* is also a *shikârî* word.

بیٹے کي طرف سے هي اور نہ باپ کے نام هي بلکہ یہہ معذرت نامہ
هي عرضي اعتراف هي توبہ کا وثیقہ اور استغفار کي دست آویز
ندامت کا اقرار اور حاجتمندي کا اظهار هي گنہگار روسیاہ شرمسار
ظالم جفاکار تبہ روزگار کلیم کي طرف سے صاحب کرم عمیم و خلق
عظیم بردبار و حلیم [72] رؤف و رحیم محسن ولینعمت مہربان سراپا
شفقت نیکوکار کم آزار خیرخواہ بلا اشتباہ کے نام - هرچند میري
رسوائي یہانتك پہونچي کہ جب سے مردود و مطرود هوا طرح طرح
کي خرابیون مین مبتلا اور انواع و اقسام کي ذلتون مین گرفتار هون
لیکن یہہ سمجھنا کہ مین نے جیسا کیا ویسا پایا بیجا اور غلط هي -
کیا هزار تو پایا ایك کیا من تو بھگتا چھٹانك [73] بلکہ ایك اور
چھٹانك بھي حاشا نہین زینہار نہین - هرچند مین معذرت کرتا
هون اور جو کچھہ میرے دل مین هي وہ کہین زیادہ هي اس سے جو
عبارت مین هي لیکن خود مجھکو اپني توبہ سے تشفي اور ندامت
سے تسلي نہین اسواسطے کہ میري توبہ درماندگي کي توبہ اور ندامت
حالت ابتلا کي ندامت هي - [74] توطئہ بر طرف تمہید یکسو نہ مجھکو

---

chhatânk, I should have no right to cry out *hâshâ* or *zinhâr*.'

Hâshâ is an abbreviation of *hâshâ li'llâh*, 'God forbid!' (see Ch. VIII. 72). *Zinhâr*, or *zinhâr* (VII. 20), is a Persian exclamation, which means 'Beware!'

[74] *Tauti'a bar-taraf tamhîd yaksû*, 'to lay aside preface and preamble.'

Both verbals belong to Form II., and are derived from different roots, وطئ and مهد, which mean the same thing, viz. 'to make a bed soft,' in *preparation* for repose.

[72] *Ra'ûf wa rahîm*, 'very pitiful and very merciful.' This pair of verbals are agents (intensive) from رأف and رحم, both intransitive. From transitive verbs these forms usually have a passive sense, as *asîr*, 'bound,' 'a prisoner,' and *rasûl*, 'sent,' 'an apostle.' The *hamza* in رؤف indicates the presence of the second radical in the enunciation of the verbal. Comp. Ch. X. 42.

[73] *Balki ek aur chhatânk bhi hâshâ nahîn zinhâr nahîn*, 'Nay, more; were I to suffer one more

توبه پر تکیه نه ندامت پر ناز ـ خدا کو جسکا مین آپ سے بڑھکر گنهگار هون اپنا شفیع قرار دیتا هون

[75] شاها ز کرم بر من درویش نگر . بر حال من خسته دلریش نگر
هرچند نیسم لائق بخشایش تو بر من منگر برکرم خویش نگر

علیم کسي پادري سے ایك مذهبي کتاب لے آیا تها اسمین اتفاق سے ایك جمله مجهکو نظر پڑا اور پسند آیا وه یهه تها که توبه ربڑ هي اور گناه پنسل کي تحریر پس جبکه توبه و ندامت نے مجهکو آلودگي گناه سے پاك کردیا تو پهر مین آپکا برخوردار هون اور آپ میرے والد بزرگوار مجهکو آپ سے هر طرح کا دعوي اور آپ کو مجهسے هر قسم کي توقع ـ [76] سات سو روپیه کے عوض مین اسوقت میري جان پر بني هي آپ مجهکو اگر [77] لله صدقه زکوة • خیرات جانکر نه دین تو [78] قرض حسنه دین ـ قیدي کے چهڑانے غلام کے آزاد کرنے کا ثواب آپ پر مخفي نهین هي ـ اگر روپیه کل تك نهین آیا تو میري زندگي دشوار هي

کلیم شاعر تو تها هي باتون کا جادو بنانے کي اسنے یهانتك مشق بهم پهونچائي تهي [79] که اسکے جهوٹهے ڈهکوسلون پر تمام مجلس

---

ment for the expression used at Ch. II. 29, or Ch. IV. 65. The common phrase *ilâhi kharch* has the same meaning.

[78] *Qarz-i-hasana*, 'a generous loan.' These words occur several times in the Qorân, in the sense of a gift to God over and above the legal alms and charities, *e.g.* Sura xliv. 17: "If ye lend God *a generous loan*, He will double it to you." (Rodwell.)

[79] *Uske jhûthe dhakoslon par tamâm majlis ko wajd hotâ thâ*, 'A whole assembly was in ecstasy over his lying romances.'

[75] Persian quatrain: 'O Sovereign Lord, of thy grace look upon me the indigent: look upon my destitution and distress: though I am unworthy of thy forgiveness, look not upon me, but upon thine own grace.'

[76] *Sât sau rûpaya ke 'ewaz men is-waqt merî jân par banî hai*, 'At the present moment I am in trouble of my life for want of Rs. 700.'

Musîbat may be supplied before *banî*. See Ch. I. 103.

[77] *Li'llâh*, 'a gift made in God's name': the term is an abridge-